از مکاتیب شریفہ
مکتوب نمبر ۸۵ و ۹۰ فارسی

# ایضاح الطریقہ

سیّدنا و مولانا قبلہ حضرت شاہ غلام علی دہلویؒ

ترجمہ اُردو

حضرت مولانا منظور احمد صاحب

طباعت بحکم

شیخ المشائخ سیّدنا و مُرشدنا قبلہ

حضرت مولانا ابوالخلیل خان محمد رحمۃ اللہ علیہ

خانقاہ سراجیہ نقشبندیہ مجدّدیہ

# ایضاح الطریقہ

سیّدنا و مولانا قبلہ حضرت شاہ غلام علی دہلویؒ
(از مکاتیب شریفہ مکتوب نمبر ۸۵ و ۹۰ فارسی)

ترجمہ اُردو

حضرت مولانا منظور احمد صاحب
مدینہ منورہ

طباعت بحکم

شیخ المشائخ سیّدنا و مُرشدنا قبلہ
حضرت مولانا ابوالخلیل خان محمد رحمۃ اللہ علیہ
مسند افروز ارشاد خانقاہ سراجیہ

خانقاہ سراجیہ نقشبندیہ مجددیہ
کندیاں، ضلع میانوالی

جملہ حقوق محفوظ

نام کتاب : ایضاح الطریقہ
نام مصنف : حضرت شاہ غلام علی دہلوی رحمۃ اللہ علیہ
اُردو ترجمہ : حضرت مولانا منظور احمد صاحب، مدینہ منورہ
اشاعت بحکم : شیخ المشائخ قبلہ حضرت مولانا ابوالخلیل خان محمد رحمۃ اللہ علیہ
اہتمام : وی پرنٹ، راولپنڈی، ۵۱۹۲۵۴۳-۰۳۰۰
ناشر : خانقاہ سراجیہ نقشبندیہ مجددیہ، کندیاں، ضلع میانوالی
طبع اوّل : ۱۴۲۹ھ/۲۰۰۸ء
طبع دوم : ۱۴۳۲ھ/۲۰۱۱ء
ہدیہ :

خانقاہ سراجیہ نقشبندیہ مجددیہ
کندیاں، ضلع میانوالی

Marfat.com

# فہرست


| | |
|---|---|
| حضرت مولانا سیّدنا عبداللہ المعروف بہ شاہ غلام علی دہلویؒ | ۵ |
| ارشادات | ۷ |
| کرامات | ۱۱ |
| وصال شریف | ۱۲ |
| جزاوّل: رسالہ سبع سیارہ | ۱۵ |
| بیعت واقسام بیعت | ۱۶ |
| شناخت پیر | ۱۸ |
| شناخت مرید | ۲۲ |
| سماع | ۲۲ |
| ذکر جہر | ۲۴ |
| وحدۃ وجود وشہود | ۲۴ |
| درویشی قناعت | ۲۶ |
| توحید افعالی | ۲۶ |
| اجازت وخلافت | ۲۶ |
| نماز باجماعت | ۲۸ |
| روزہ | ۳۰ |
| ایضاح الطریقہ | ۳۶ |
| بنیادی اصول طریقہ نقشبندیہ | ۴۰ |
| طریقہ ذکر اسم ذات | ۴۲ |
| طریقہ ذکر نفی واثبات | ۴۴ |
| طریق دوّم مراقبہ | ۴۸ |
| طریق سوّم رابطہ شیخ | ۴۸ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| صحبت شیخ کامل | ۵۰ |
| ذکر تہلیل لسانی | ۵۲ |
| دوام حضور | ۵۲ |
| ولایت صغریٰ۔ مراقبہ معیت | ۵۶ |
| فنائے قلب | ۶۰ |
| فنائے نفس وکمالات ولایت کبریٰ | ۶۲ |
| مراقبہ اقربیت حضرت ذات | ۶۴ |
| مراقبہ اسم ظاہر اسم باطن | ۶۶ |
| مراقبہ کمالات نبوت | ۶۸ |
| مراقبہ کمالات رسالت وکمالات اولوالعزم وحقائق سبعہ | ۷۰ |
| مراقبہ حقیقت کعبہ، حقیقت قرآن مجید، حقیقت صلوٰۃ | ۷۲ |
| مراقبہ معبودیت صرفہ وحقیقت ابراہیمی | ۷۲ |
| مراقبہ حقیقت موسوی | ۷۴ |
| مراقبہ حقیقت محمدی ﷺ | ۷۴ |
| مراقبہ حقیقت احمدی ﷺ | ۷۴ |
| مراقبہ حب صرف ولاتعین | ۷۶ |
| درویشی | ۸۲ |
| حاصل سیر وسلوک | ۸۴ |
| رویت باری تعالیٰ وزیارت آنحضرت ﷺ | ۹۰ |
| حقیقت فنا وبقا | ۹۴ |
| ادراک باطن اہل اللہ | ۹۶ |
| معمولات ونصائح ضروریہ | ۱۰۲ |
| نصائح حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانیؒ | ۱۰۶ |
| احوال حضرت امام ربانی مجدد الف ثانیؒ | ۱۰۸ |

## مختصر حالات

# حضرت مولانا سیّدنا عبداللہ

## المعروف بہ شاہ غلام علی دہلویؒ

آپ کی نسبت باطنی حضرت مرزا مظہر جان جاناں شہیدؒ سے ہے۔ آپ کی ولادت ۱۱۵۸ھ میں بمقام بٹالہ علاقہ پنجاب ہندوستان میں ہوئی۔ آپ کا نسب حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے ملتا ہے۔ آپ کے والد ماجد حضرت شاہ عبداللطیفؒ نہایت ذاکر و مجاہد بزرگ تھے۔ کریلہ جوش دے کر کھایا کرتے اور جنگل میں جا کر ذکر جہر کیا کرتے تھے۔ حضرت ناصرالدین قدس سرہ سے بیعت تھے۔ حضرت کی ولادت سے قبل آپ کے والد نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو خواب میں دیکھا۔ فرماتے ہیں کہ اپنے لڑکے کا نام علی رکھنا، چنانچہ بعد پیدائش آپ کا نام علی رکھا گیا، لیکن جب آپ بلوغت کو پہنچے تو آپ نے احتراماً اپنا نام غلام علی رکھا۔ اسی طرح پیدائش کے وقت آپ کی والدہ نے کسی بزرگ کو خواب میں دیکھا کہ فرماتے ہیں اپنے بیٹے کا نام عبدالقادر رکھنا۔ یہ بزرگ شاید حضرت غوث الاعظم سیّد عبدالقادر جیلانیؒ تھے۔ آپ کے عم شریف نے کہ نہایت بزرگ مرد تھے، ایک مہینہ میں قرآن حفظ کیا تھا۔ انہوں نے بحکم رسول خدا صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وبارک وسلّم آپ کا نام عبداللہ رکھا۔ آپ کے والد دہلی میں رہا کرتے تھے، وہاں اپنے پیر سے کہ حضرت خضر علیہ السّلام کے ہم صحبت تھے، بیعت کرانے کے واسطے بلایا تھا، لیکن وہاں سے فیض مقدر میں نہ تھا۔ جب آپ وہاں پہنچے تو ان کا انتقال ہو گیا۔ آپ کے والد ماجد نے فرمایا کہ میں نے تم کو اپنے پیر سے بیعت کرانے کے لئے بلایا تھا، لیکن تقدیر میں نہ تھا۔ اب جس جگہ تمہارا قلبی اطمینان ہو، وہاں بیعت ہو جاؤ۔ آپ ۱۱۸۰ھ میں کہ اس وقت آپ کی عمر

بائیس سال کی تھی حضرت مرزا مظہر جان جاناںؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض بیعت کی۔ حضرت مرزا صاحب قدس سرہ نے فرمایا کہ جس جگہ ذوق وشوق ہو وہاں بیعت کرو یہاں تو بے نمک پتھر چاٹنے کا مضمون ہے۔ آپ نے فرمایا مجھے یہی منظور ہے۔ حضرت مرزا صاحب نے پھر آپ کو قادریہ خاندان میں بیعت فرمایا اور تلقین طریقہ مجددیہ فرمایا۔ پندرہ سال تک حضرت مرزا صاحب قدس اللہ سرہ کی خدمت میں حاضر حلقہ ومراقبہ رہے اور باجازت مطلقہ مع بشارت ضمنیت مشرف ہوئے۔ آپ فرماتے ہیں کہ اوّل اوّل مجھ کو تردّد ہوا کہ اگر میں طریقہ نقشبندیہ میں شغل اختیار کروں تو کہیں حضرت غوث الاعظمؒ کے ناراض ہونے کا باعث نہ ہو۔ اسی اثنا میں ایک شب خواب میں دیکھا کہ ایک مکان میں حضرت غوث الاعظمؒ تشریف رکھتے ہیں اور ان کے سامنے ایک مکان ہے وہاں حضرت خواجہ نقشبندؒ رونق افروز ہیں۔ میرا دل چاہتا تھا کہ حضرت خواجہ نقشبندؒ کی خدمت میں حاضر ہوں۔ حضرت غوث پاکؒ نے فرمایا کہ مقصود خدا تعالیٰ ہے، جاؤ کچھ مضائقہ نہیں ہے۔ اس واقعہ کے بعد آپ نے طریقہ نقشبندیہ کی اشاعت شروع فرمائی اور آخرکار اس قدر فیض آپ کی زندگی میں آپ سے جاری ہوا کہ شاید ہی کسی شیخ سے ان کی زندگی میں جاری ہوا ہو۔ ہندوستان، کابل، بلخ، بخارا، عرب اور روم سب جگہ آپ کے خلیفہ پہنچ گئے تھے اور طریقہ ان سے جاری ہو گیا تھا۔ حضرت مولانا غلام محی الدین قصوریؒ نے اپنے ملفوظات میں فرمایا ہے کہ ایک روز عصر کے بعد حاضر تھا، حضرت شاہ صاحبؒ نے فرمایا کہ الحمد للہ ہمارا فیض دور دور پہنچ گیا ہے۔ مکہ مکرمہ میں ہمارا حلقہ بیٹھتا ہے، مدینہ منورہ میں ہمارا حلقہ بیٹھتا ہے، بغداد شریف، روم ومغرب میں ہمارا حلقہ جاری ہے اور مسکرا کر فرمایا کہ بخارا تو ہمارے باپ کا گھر ہی ہے۔ بعض لوگ بحکم سرور انبیاء ﷺ بعض بحکم بعض بزرگاں وبعض خود کو خواب میں دیکھ کر حاضر حضور ہوئے۔ حضرت مولانا خالد رومیؒ باشارہ جناب رسول اللہ ﷺ مدینہ شریف سے دہلی آئے اور آٹھ نو ماہ میں اجازت وخلافت سے مشرف ہو کر اپنے وطن کردستان واقع ملک روم واپس چلے گئے۔ وہاں ان کو اس قدر قبولیت ہوئی کہ جس کی حد نہیں۔ ایک مرتبہ فرمایا

Marfat.com

کہ اب ضعیف ہو گیا ہوں کچھ نہیں ہوسکتا۔ پہلے شاہجہان آباد کی جامع مسجد میں رہا کرتا تھا، حوض کا تلخ پانی پیا کرتا تھا، دس پارے روزانہ قرآن شریف کے پڑھا کرتا تھا اور دس ہزار نفی اثبات کیا کرتا تھا، نسبت ایسی قوی ہو گئی تھی کہ تمام مسجد انوارات سے پُر تھی، جس کوچہ میں گزر جاتا تھا وہ بھی نورانی ہو جاتا تھا، اگر کسی بزرگ کے مزار پر جاتا تھا اس کی نسبت پست ہو جاتی تھی، تب میں ازراہ تواضع اپنے تئیں پست کیا کرتا تھا۔

## ارشادات

فرمایا کہ آدمی کو دو چیز درست اور دو چیز شکستہ چاہیے؛ دین درست اور یقین درست، دست شکستہ اور پا شکستہ۔ فرمایا کہ ایک مرتبہ حضرت مرزا صاحبؒ سے کسی نے میری نسبت یہ بیان کیا کہ وہ طالب ذوق وشوق وکشف وکرامت ہے۔ انہوں نے یہ سن کر فرمایا کہ جو شخص ایسے شعبدوں کا طالب ہو، اس کو کہو کہ ہماری خانقاہ سے چلا جائے اور ہمارے پاس نہ آئے۔ جب یہ خبر مجھ کو پہنچی میں نے حاضر ہو عرض کی کہ حضور نے یہ فرمایا ہے؟ جواب دیا کہ ہاں۔ میں نے عرض کیا کہ پھر کیا حکم ہے۔ فرمایا کہ یہاں بے نمک پتھر چاٹنا ہے، اگر یہ بے مزگی منظور ہو تو ٹھہرے رہو۔ میں نے عرض کیا کہ حضور مجھے یہی منظور ہے۔ ایک دن ارشاد فرمایا کہ اس طریقہ نقشبندیہ میں مجاہدہ نہیں ہے، مگر وقوف قلبی کہ اپنا خیال دل کی طرف اور دل کا خیال ذات الٰہی کی طرف ہو اور نگہداشت خطرات گذشتہ وآئندہ ہے اور یہ اس طرح چاہیے کہ جب خطرہ دل میں پیدا ہو کہ فلاں کام گذشتہ زمانہ میں کس طرح ہوا تھا، اسی وقت دل سے دفع کرے کہ تمام قصہ دل میں نہ آئے۔ یا دل میں خیال آئے کہ فلاں جگہ جا کر یہ کام کروں اور اس کام میں فائدہ ہو، اس کو معاً دفع کرے، غرضیکہ جو خطرہ غیر اللہ کا دل میں آئے، اس کو اسی وقت دفع کرے۔ فرمایا کہ احوال قلب سالک پر مثل باران شدید ظاہر ہوتے ہیں اور جب قلب سے عروج ہو کر لطیفہ نفس کی سیر ہوتی ہے، مثل بارش خفیف جلوہ گر ہوتے ہیں اور جب لطیفہ نفس سے سیر جس قدر بلند ہوتی جاتی ہے، نسبت سمجھ میں نہیں

Marfat.com

آتی۔ استہلاک و اضمحلال زیادہ ہوتا جاتا ہے اور نسبت مثل شبنم کے ہو جاتی ہے۔ ایک مرتبہ کسی نے آپ سے عرض کیا کہ میرے واسطے کچھ تحریر فرمائیے۔ آپ نے یہ آیت شریف تحریر فرمائی: قل اللّٰہ ثم ذرھم اور اس کی تفسیر بھی اس کے نیچے اس طرح لکھی کہ امور جزئی وکلی اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کے سپرد کرنا چاہیے اور فکر معاش وغیرہ کچھ نہ کرنا چاہیے اور تعلقات ماسواء اللہ کو چھوڑنا چاہیے اور اپنے جمیع امور کو اللہ تعالیٰ کے سپرد کرنا چاہیے۔ ایک دن ایک درویش کو آپ نے توجہ کے لئے یاد فرمایا، کسی نے عرض کی کہ وہ جامع مسجد کی طرف سیر کو گیا ہے۔ فرمایا کہ یہ کیا فقیری ہے؟ فقیری میں صبر لازم ہے اور صبر حبس نفس کو کہتے ہیں۔ فرمایا کہ جس وقت ہم مجاہدہ میں مشغول تھے، پچیس برس تک اپنے آپ کو ایک حجرے میں بند کر رکھا تھا، نہ سردیوں میں باہر آتا تھا اور نہ گرمیوں میں۔ فرمایا کہ میری سترہ برس کی عمر تھی کہ دہلی میں آیا تھا، اب مجھ کو دہلی میں ساٹھ سال گزر چکے ہیں اور ایک دن بھی بلا ذکر و فکر اور مراقبہ نہیں گزرا، مع ہذا خوف خاتمہ ہر وقت دامن گیر ہے اور اطمینان اس وقت ہوگا، جب بہشت میں داخل ہو جاؤں گا اور اپنے کانوں سے ندائے رب العالمین سنوں گا کہ اے بندے میں تجھ سے راضی ہوں۔ فرمایا کہ ہمارے اکابر طریقت فرماتے ہیں کہ سلسلہ نقشبندیہ میں نہایت کو بدایت میں درج کیا ہے۔ اس کے معنی بہت لوگوں نے کئے ہیں۔ فرمایا کہ میں کہتا ہوں کہ نہایت بدایت میں پیدا ہونے سے توجہ دائمی وحضور مع اللہ ہے اور کم خطرگی یا بے خطرگی مراد ہے۔ یہ اور سلسلوں میں نہایت خیال کی جاتی ہے اور نقشبندیہ طریقہ میں شروع ہی میں پیدا ہو جاتی ہے اور فرمایا کہ نہایت ہمارے ہاں کچھ اور ہی ہے اور وہ توجہ حضور کا گم ہونا ہے۔ فرمایا کہ ذکر کثیر سے مراد ذکر قلبی دائمی ہے کہ وہ انقطاع پذیر نہیں ہے اور لسانی مراد نہیں ہے کہ وہ انقطاع پذیر ہے اور اس پر دلیل آیت کریمہ: رجال لا تلهيهم تجارة ولا بيع عن ذكر الله ترجمہ: "باز نہیں رکھتی ان کو تجارت اور نہ بیع ذکر اللہ سے۔" کیونکہ تجارت میں ذکر زبانی موقوف ہو جاتا ہے قلبی موقوف نہیں ہوتا۔ فرمایا کہ اکثر آدمی قلبی ذکر کو خفی کہتے ہیں اور یہ غلط ہے۔ کیونکہ خفی کے معنی پوشیدہ کے ہیں۔ ذکر قلبی

Marfat.com

اگرچہ غیر سے پوشیدہ ہے، لیکن فرشتوں اور شیطان سے پوشیدہ نہیں ہے۔ پس خفائے حقیقی اس میں نہ پایا گیا۔ دراصل ذکر خفی ذاکر کے مذکور میں گم ہونے کو کہتے ہیں کہ اس کو کوئی خبر اپنی اور ذکر کی نہ ہو۔ فرمایا کہ میرا حال ایسا ہے کہ ہر چند متوجہ قلب ہوتا ہوں، کوئی اثر توجہ اور ذکر کا نہیں پاتا، البتہ کسی وقت غیبت ہو جاتی ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ روئیں روئیں سے ذکر جاری ہے۔ فرمایا کہ شبِ قدر عجیب بابرکت رات ہے۔ اس میں دعا و عبادت مقبول ہوتی ہے۔ اہلِ قرب کو اس رات اور ہی کیفیت پیدا ہوتی ہے۔ فرمایا کہ ایک بار میں جامع مسجد میں رات کو سویا ہوتا تھا۔ اعتکاف کی حالت تھی، ایک شخص نے مجھ کو آکر جگایا اور کہا: اٹھ! رسول اللہ ﷺ کی امت مرحومہ کے واسطے دعا کر۔ میں اٹھا تو دیکھا ہر طرف نور ہی نور ہے۔ میں جان گیا کہ یہ شبِ قدر کا نور ہے۔ فرمایا کہ رضائے پیر سبب قبول خلق و خالق ہے اور آزردگی پیر سبب نفرت خلق و خالق ہے۔ فرمایا کہ پیر کی رضا سے وہ حاصل ہوتا ہے کہ کسی مجاہدہ و ریاضت سے نہیں ہو سکتا۔ فرمایا کہ حضرت خواجہ محمد بہاء الدین نقشبند قدس اللہ اسرارہم فرماتے ہیں کہ اس طریقہ میں بنائے کار انکسار افتقار بجناب الٰہی اور پیر سے اخلاص پر ہے۔ حضرت خواجہؒ نے بارہ روز سجدہ میں پڑ کر جناب الٰہی میں مناجات کی کہ الٰہ العالمین مجھ کو طریقہ جدیدہ عطا فرما کہ سہل الطریق اور اقرب الطریق الی اللہ ہو اور موصل ہو، چنانچہ اللہ تعالیٰ سبحانہٗ و تعالیٰ نے ان کی دعا قبول فرمائی اور یہ طریقہ عطا فرمایا۔ فرمایا کہ حضرت مرزا صاحبؒ سے کسی نے عرض کیا کہ آپ نے یہ طریقہ مجددیہ کیوں اختیار کیا ہے؟ انہوں نے فرمایا کہ اس طریقہ میں چنداں ریاضت و مجاہدہ نہیں ہے اور میں مرزا نازک مزاج تھا، مجھ سے اور طریقوں کے مجاہدات نہ ہو سکتے۔ فرمایا کہ اہلِ محبت کو حاجت اعمال کی نہیں، ان کو عمل قلیل کافی ہوتا ہے، بلکہ قلیل کی بھی حاجت نہیں ہوتی۔ فرمایا کہ طریقہ نقشبندیہ علماء کو پسند ہے۔ فرمایا کہ جب حضرت خواجہ نقشبند قدس اللہ سرہ کا شہرہ کمال منتشر ہوا، ایک زاہد آپ کے اوقات اور اعمال دیکھنے کے واسطے آیا۔ اس نے آپ کو کوئی ریاضت یا مجاہدہ کرتے نہ دیکھا۔ سیدھی سیدھی نمازوں کو پڑھ لیا، رات کو بعد عشاء پلاؤ کھا کر سو رہے ہے، ثلث شب سے

Marfat.com

تہجد پڑھ لیا۔ وہ زاہد حیران ہو گیا اور عرض کی کہ میں تمام شب نہیں سویا اور ذکر کرتا رہا اور آپ نے شام کو پلاؤ کھایا اور اکثر شب سوتے رہے، لیکن جو نور آپ میں ہے، وہ مجھ میں نہیں ہے۔ آپ نے مسکرا کر فرمایا کہ یہ اسی پلاؤ کا نور ہے۔ فرمایا کہ دل کو ماسوا سے خالی کرنے اور ذات حق سبحانہٗ کی طرف متوجہ رہنے سے نور حاصل ہوتا ہے۔ فرمایا کہ ایک روز ایک ہندو میرے پاس آیا اور کہا کہ آپ مجھ کو رب کی یاد سکھا دیں۔ میں نے کہا اللہ اللہ دو ہزار مرتبہ ہر روز صبح کے وقت کہہ لیا کر۔ اس نے کہا اس لفظ سے تو نہیں یاد کروں گا۔ میں نے کہا اچھا قلب کی طرف متوجہ ہو کر دل سے تو ہی تو، تو ہی تو، کہتا رہ۔ اس پر وہ راضی ہو گیا۔ چند روز کے بعد اس کے دل میں توجہ الی اللہ پیدا ہو گئی اور وہ مسلمان ہو گیا۔ فرمایا کہ ایک ہندو میرے پاس آیا اور کہا کہ میں روزانہ پچاس ہزار بار اللہ اللہ کرتا ہوں، اس کی برکت سے ماسوا سے اعراض ہو گیا ہے۔ فرمایا کہ میں نے اپنی اِن آنکھوں سے اس کے دل میں کیفیت دیکھی ہے، لیکن کفر کی وجہ سے کیفیت مکدرہ تھی۔ کیفیت نورانی سوائے ذکر ایمانی کے نہیں ہوتی۔ فرمایا کہ اس ہندو سے مجھ کو نہایت حسرت ہوئی کہ باوجود ظلمت کفر ایک دم بھی یادِ الٰہی سے غافل نہیں ہوتا اور میں باوجود نور ایمان غافل ہوں۔ (یہ فقرہ کسر نفسی کے طور پر فرمایا)۔ فرمایا کہ طالب کیفیت خدا پرست نہیں ہے۔ ذکر کرنا چاہیے خواہ کیفیت پیدا ہو یا نہ ہو۔ ذکر فی نفسہٖ عبادت ہے۔ فرمایا کہ ہر روز پچیس ہزار مرتبہ اسم ذات اللہ اللہ دل کے ساتھ کرنا ضروری ہے۔ فرمایا کہ جمعیت باطنی کی یہ تعریف ہے کہ تشویش آئندہ و گذشتہ دل میں نہ آئے۔ فرمایا کہ فقیر دل کی مراد سے خالی ہونے کو کہتے ہیں نہ کہ ہاتھ کے خالی ہونے کو۔ فرمایا کہ منصورؒ نے لغزش کھائی اور زمانہ میں کوئی ایسا نہ تھا کہ ان کی دستگیری کرتا، اگر میرے زمانہ میں ہوتا تو میں بیشک ان کی مدد کرتا، اس حالت سے نکال کر حالتِ فوق پر لے جاتا۔ فرمایا کہ تربیت کی دو قسمیں ہیں: تربیت جمالی اور جلالی۔ تربیت جمالی سے سب راضی رہتے ہیں، موافق نفس ہے۔ لیکن تربیت جلالی پر قائم رہنا نہایت دشوار اور مردانِ دین دار کا کام ہے۔ فرمایا کہ حقیقت رضا بجز فنائے کامل حاصل نہیں ہوتی اور اسی وجہ سے

Marfat.com

اتفاق اس پر ہے کہ رضا آخرت کے مقامات سے ہے۔ فرمایا کہ اس زمانہ میں کوئی عمل تصفیہ قلب کے واسطے اولیاء اللہ کے اذکار کی کتاب کے مطالعہ کرنے سے بہتر نہیں ہے۔ فرمایا کہ میرے پیرؒ نے مجھ کو دو نصیحتیں کی ہیں؛ ایک یہ کہ لوگوں کے عیب کی نیکی کی طرف تاویل کرنا اور دوسرا یہ کہ اپنی نیکی کی عیب کی طرف تاویل کرنا۔ میں نے عرض کیا کہ اس سے تو امر بالمعروف موقوف ہو جائے گا۔ آپ نے فرمایا کہ مجھ کو کسی میں ہی نہیں معلوم ہوتا کہ اس کو امر بالمعروف کیا جائے، ہر ایک کو نیک ہی جانتا ہوں۔ فرمایا کہ حضرت سعدی شیرازیؒ نے فرمایا:

مرا پیر دانائے مرشد شہاب — دو اندرز فرمود بر روئے آب
یکے آنکہ برخویش خود بیں مباش — دوم آنکہ برغیر بد بیں مباش

ترجمہ: ''مجھے میرے پیر دانا حضرت شیخ الشیوخ شہاب الدین سہروردیؒ نے دریا پر یہ دو نصائح کیں۔ ایک یہ کہ خود بیں نہ بننا اور دوسری یہ کہ غیر کی بدبینی اور تحقیر نہ کرنا۔''

## کرامات

ایک روز ایک ہندو برہمن کا خوبصورت بچہ مجلس شریف میں اتفاقاً آ گیا۔ سب اس کی طرف دیکھنے لگے۔ آپ کی نظر عنایت اس پر ہو گئی۔ اس نے کلمۂ شہادت پڑھا اور مسلمان ہو گیا۔

ایک صالحہ ضعیفہ عورت کے جوان لڑکے کا انتقال ہو گیا۔ آپ اس کی تعزیت کے لئے تشریف لے گئے۔ دوران تعزیت فرمایا کہ اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ تم کو فرزند نعم البدل عطا فرمائے۔ اس عورت نے عرض کیا کہ حضرت میں بھی اب ضعیف ہو گئی ہوں اور میرا خاوند بھی ضعیف ہو گیا ہے، اب کیا اولاد ہو گی؟ آپ نے فرمایا کہ خدا تعالیٰ قادر ہے۔ بعد ازاں آپ وہاں سے اٹھ کر ایک مسجد میں تشریف لائے اور وضو فرما کر دو رکعت نماز پڑھی اور اس عورت کے فرزند عطا ہونے

کے لئے دعا فرمائی۔ بعد دعا آپ نے ہمراہی سے فرمایا کہ اس عورت کے ہاں فرزند ہونے کے لئے دعا کی تھی اثر اجابت پایا گیا، انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا ہوگا۔ حضرت کی بشارت کے مطابق اللہ کریم نے اس کو فرزند عطا فرمایا اور وہ جوان ہوا۔ ایک شخص آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ میرا لڑکا دو مہینہ سے گم ہے، دعا فرمائیں کہ مل جائے۔ آپ نے فرمایا کہ وہ تو تیرے گھر ہے۔ وہ اس بات سے نہایت حیران ہوا کہ میں ابھی گھر سے آ رہا ہوں۔ خیر وہ حضرت کے فرمانِ عالیٰ کے مطابق گھر آیا تو دیکھا کہ واقعی لڑکا گھر آ گیا ہے۔

## وصال شریف

جب مرض وصال شریف شروع ہوا اس میں بواسیر اور خارش نے غلبہ کیا۔ آپ کی اکثر عادت تھی کہ وقت مرض اکثر وصیت نامہ تحریر فرماتے اور زبانی نصائح برائے دوام ذکر و پرداخت نسبت و اخلاق حسنہ و معاشرت اور مجاری فیض پر عدم چون چرا اور اتحاد بین المسلمین و مابین برادران طریقت اور فقر و قناعت توکل و تسلیم و رضا کی فرماتے۔ فرمایا کہ حضرت خواجہ نقشبندؒ نے فرمایا تھا کہ میرے جنازہ کے آگے فاتحہ یا کوئی آیت شریف یا کلمہ طیبہ نہ پڑھنا کہ بے ادبی ہے، بلکہ یہ دو بیت پڑھنا:

مفلسانیم آمدہ در کوئے تو — شیئاً للہ از جمال روئے تو
دست بکشا جانب زنبیل ما — آفرین بر دست و بر بازوئے تو

ترجمہ: "ہم مفلس آپ کے کوچہ میں آئے ہیں، اللہ کے لئے اپنے رخ انور کی جھلک دکھایئے۔ ہمارے زنبیل کی طرف اپنے کرم کا ہاتھ کھولیے۔ آپ کے ہاتھ اور بازو پر صد آفرین۔"

وفدت علی الکریم بغیر زاد — من الحسنات والقلب السلیم
فحمل الزاد اقبح کل شئی — اذا کان الوفود علی الکریم

ترجمہ: میں اپنے رب کریم کی طرف بغیر زادِ راہ لیے جا رہا ہوں۔

میرے پاس نہ کوئی نیکیاں ہیں اور نہ ہی قلب سلیم ہے۔ زادِ راہ کا اٹھانا اس حالت میں جب کہ خداتعالیٰ کی رحمت پر پورا بھروسہ ہو، ہر چیز سے ناپسندیدہ ہے۔

بتاریخ ۲۲- صفر ۱۲۴۰ھ بروز شنبہ آپ نے وصال فرمایا۔ نمازِ جنازہ مسجد دہلی میں حضرت شاہ ابوسعیدؒ نے پڑھائی اور حضرت مرزا مظہر جان جاناں شہیدؒ کے پہلو میں دفن کئے گئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ.

## جزاوّل

# رسالہ سبع سیارہ

بیعت کی قسموں اور پیری مریدی کی شرطوں کے بارے میں مریدوں میں مرشدوں کے آثار کی تاثیر، صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا ذکر بالخیر، ایک ولی کی فضیلت دوسرے پر (بغیر حجتہ اور دلیل کے) نہ دینا، سماع وموسیقی کے حدود اور درویشی وقناعت کی زندگی، توحید کی قسمیں، مرید کو مرشد کی طرف سے اجازت اور جانشینی کے بارے میں بدعتوں (یعنی اپنی طرف سے دینی باتیں بنانے)، غیر شرعی اور کافروں کے رسم ورواج کے بارے میں

Marfat.com

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# جزاوّل

# رسالہ سبع سیارہ

## بیعت واقسام بیعت

بعد حمد وصلوٰۃ فقیر عبداللہ معروف غلام علی قادری نقشبندی مجددی عفی عنہ گزارش می نماید کہ دریابند کہ بیعت بمعنی عہد کردن است واستوار بودن بران ومعمول است در طریق حضرات صوفیہ وآن سنت اصحاب کرام (رسول خدا) است رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔ بیعت سہ قسم است۔ بیعت اوّل توبہ کہ بردستِ بزرگے برترکِ گناہاں بیعت نماید و آن از گناہ کبیرہ شکستہ گردد وباز مکرر بیعت بکند و درغیبت اختلاف است و بہ تحقیر مسلمانے غیبت گفتن وبیان مناقص البتہ کبیرہ بود۔

Marfat.com

بیان معائب اساتذہ کہ در وثوق ایں ہا قصور است و معائب مشائخ مبتدع لازم است تا مسلمانان پرہیز نمایند۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# جزاوّل

# رسالہ سبع سیارہ

## بیعت واقسام بیعت

اللہ پاک جل جلالہٗ کی حمد وثنا اور رسول اللہ ﷺ پر درود وسلام کے بعد فقیر عبداللہ عرف غلام علی قادری نقشبندی مجددی عفی عنہ گزارش کرتا ہے کہ جاننا چاہیے کہ بیعت کے معنی ہیں عہد و پیمان کرنا، پھر اس پر مضبوطی اور پابندی کے ساتھ کاربند رہنا۔ بیعت کرنا صوفیاء کرام رحمۃ اللہ علیہم کے ہاں معمول اور جاری وساری عمل ہے اور یہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی سنت وطریقہ ہے۔

بیعت تین قسم کی ہے۔ پہلی قسم یہ ہے کہ آدمی کسی بزرگ کے ہاتھ پر گناہ چھوڑنے کی توبہ کرے۔ (اس قسم کی بیعت کا حکم یہ ہے) کہ یہ گناہ کبیرہ سے ٹوٹ جاتی ہے، اسے چاہیے کہ دوبارہ بیعت کرے۔ غیبت (یعنی پیٹھ پیچھے کسی کے عیوب بیان کرنے) میں اختلاف ہے کہ یہ گناہ کبیرہ ہے کہ نہیں البتہ کسی مسلمان کی آبروریزی، بدنامی اور ذلیل کرنے کی نیت سے جو غیبت کی جائے اس کے گناہ کبیرہ ہونے میں کوئی شبہ نہیں۔

(اس ضمن میں یہ بات بھی یاد رکھنی چاہیے کہ) جن اساتذہ اور علماء کے علمی وثوق اور پختگی میں کمی ہو (یعنی ان کی بعض باتیں کمزور ہوں) اور اسی طرح وہ پیر فقیر جو اپنی طرف سے باتیں گھڑتے ہوں اور صوفیاء کرام کے صحیح اصول سے روگردانی کرتے ہوں، ان کے بارے میں لوگوں کو خبردار کرنے کی نسبت سے گفتگو کی جائے، تاکہ لوگ ان سے بچ سکیں تو اسے غیبت شمار نہیں کیا جائے گا۔

Marfat.com

دوّم بیعت برائے انتساب بخاندانے بجہت حصول بشارات کہ دران خاندان است و امید شفاعت آنہا مثلاً قادری می شود تا در بشارت حضرت غوث الثقلین رحمۃ اللہ علیہ کہ فرمودہ اند مریدان من بے توبہ نہ میرند، شامل شود تکرار ایں بیعت ضرور نیست۔

سوّم بیعت برائے استفادہ از خاندانے می نماید۔ پس اگر اشغال و اذکار و مراتب اخلاص آن بزرگان چندے بجا آوردہ و فائدہ نیافت، لازم صدق طلب است کہ بخاندانے دیگر رجوع نماید۔ اگر مرضی مرشد باشد یا نہ، باز بیعت بدست مرشد ثانی کند و از پیر اوّل انکار نہ کند کہ قسمت او آنجا نہ بُود و اگر در شریعت و طریقت او فتورے یافتہ و بہ اہل دنیا و طلب دنیا مبتلا گردیدہ از مرشدی دیگر فیض باطن و محبت و معرفت حاصل نماید۔

طفل کہ باتباع کسے بیعت کردہ است، بعد رسیدن او بشعور و عقل مختار است ہر جا کہ خواہد بیعت نماید یا برہماں بیعت پیر اوّل باشد، اگر شائستہ پیر است۔

## شناخت پیر

پیر کسے است کہ متبع سنت پیغمبرِ خدا علیٰ صاحبہا الف الف من صلوٰۃ والتحیۃ باشد، ظاہراً و باطناً و تارک بدعت و بر عقیدہ بزرگان سلف مانند حضرت غوث الثقلین و شیخ الاسلام گنج شکر رحمۃ اللہ علیہم مستقیم بود و از علم ضروری فقہ بہرہ داشتہ باشد، اگر حدیث

Marfat.com

دوسری قسم اس خیال سے بیعت کرنا کہ بزرگوں کے کسی خاندان (گروہ) کے ساتھ اس کی نسبت ہو جائے، تاکہ وہ بشارتیں حاصل ہو جائیں جو اس خاندان کی خصوصیات میں سے ہیں اور اس نسبت سے کہ ان کی شفاعت سے بہرہ ور ہو۔ مثلاً قادری سلسلے میں بیعت ہو جائے، تاکہ غوث الثقلین حضرت عبدالقادر جیلانیؒ کی بشارت میں ہو کہ آپ نے فرمایا کہ میرے سلسلے کے مرید بغیر توبہ کے نہیں مریں گے (اس بیعت کا حکم یہ ہے کہ یہ گناہ کبیرہ سے نہیں ٹوٹتی لہٰذا) یہ بیعت دوبارہ کرنی ضروری نہیں۔

تیسری قسم وہ بیعت ہے جو کسی خاندان سے استفادہ کی نیت سے کی جاتی ہے۔ تو اگر یہ شخص اس خاندان کے متعلقہ ذکر و وظائف اور مراتب اخلاص (یعنی ان بزرگوں کے ذکر و فکر کے خاص انداز) اختیار کر لے اور کچھ ہاتھ نہ آیا تو اس کے لیے سچائی کے ساتھ طلب لازمی ہے کہ کسی اور بزرگوں کے خاندان کی طرف رجوع کرے اور دوسرے مرشد کے ہاتھ پر بیعت کرے، خواہ پہلے مرشد کی رضا ہو یا نہ ہو، لیکن ان کی بزرگی کا انکار نہ کرے، بلکہ یہ خیال کرے کہ میری قسمت وہاں نہیں تھی۔ اور اگر مرید اپنے مرشد کو شریعت کی پابندی اور طریقت کے اصول میں کوتاہی اور سستی پائے اور دنیا اور دنیا والوں اور دنیا کی محبت میں سرگرداں پائے تو کسی دوسرے مرشد سے فیض باطنی اور محبت و معرفت حاصل کر لے۔

مسئلہ: اگر کسی نابالغ بچے نے کسی کے کہنے پر کسی مرشد سے بیعت کی ہے تو سمجھ بوجھ تک پہنچنے کے بعد اس کو اختیار ہے کہ جہاں چاہے، کسی مرشد سے بیعت کر لے یا اس پہلے مرشد کی بیعت پر قائم رہے بشرطیکہ وہ مرشد کامل ہو۔

## پیر کی پہچان

پیر وہ کہلاتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی سنت کا ظاہراً و باطناً پابند ہو اور اس کا دامن بدعت سے داغ دار نہ ہو اور بزرگانِ دین، جیسے حضرت غوث الثقلین عبدالقادر جیلانی اور شیخ الاسلام گنج شکر رحمۃ اللہ علیہم کے عقیدے پر قائم ہو اور ساتھ فقہ کے ضروری مسائل سے باخبر ہو اور وہ

Marfat.com

مشکوۃ شریف وتفسیر قرآن مجید در مطالعہ دارد و بر کتب اخلاق صوفیہ مثل منہاج العابدین وکیمیائے سعادت حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ و مانند آن وکتب احوال بزرگان وملفوظات آنہا مزاولت نماید برائے تصفیہ وتزکیہ بسیار مفید است واز دنیا واہل آن احتراز بکند وتعمیر اوقات بوظائف واعمال نیک وخلوۃ واز وانماید۔

امید از اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ و یاس از ماسوا لازم شناسد۔ یاد نمودن قرآن مجید اگر متعذر است چند جز آن تلاوت نمودہ باشد و بکثرت ذکر از کیفیات باطن بہرہ مند بود توبہ وانابت وزہد وورع وتقویٰ وصبر وقناعت وتوکل وتسلیم ورضا طریقہ خود دارد واز دیدن او اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ یاد آید ودل را صفائے از خواطر دست دہد۔

اگر چشتی است از صحبت او ذوق وشوق وگرمی و بیتابی دل وترک وتجرید دست دہد۔ واگر قادری است صفائے قلب ومناسبت بعالم ارواح وملائک واز گذشتہ وآئندہ علمے نقد وقت او شود۔ واگر نقشبندی است حضور وجمعیت ونسبت یادداشت وبے خودی و جذبات وواردات دست دہد واگر مجددی است آنچہ در لطائف فوقانیہ کیفیات وصفاؤ لطافت نسبت باطنی وانوار واسرار کہ در طریقہ مجددیہ مقرر است، پیدا شود۔ اگر در صحبت او این احوال ظہور نکند تو ان گفت، شعر:

صحبت نیکاں ز جہاں دور گشت
خانہ عسل خانہ زنبور گشت

Marfat.com

مشکوۃ شریف کی احادیث اور قرآن کریم کی تفسیر کا مطالعہ رکھتا ہو۔ نیز صوفیاء کرام کی اخلاقی کتابیں مثلاً امام غزالیؒ کی منہاج العابدین اور کیمیائے سعادت اور ایسے ہی بزرگوں کے باطنی احوال اور ملفوظات کی کتابوں کے پڑھنے میں پابندی سے تعلق رکھے تو دل کی اور نفس کی صفائی اور پاکی کے لیے کافی مفید ہے اور دنیا اور اہلِ دنیا سے جدائی اختیار کرے اور اپنے اوقات کو سلجھانے کے لیے نیک اعمال کی پابندی اور خلوت وکنارہ کشی اختیار کرے۔

اللہ سے رضا کی امید اور مخلوق سے مایوسی اپنی عادت بنائے۔ اگر قرآن پاک کا حفظ کرنا مشکل ہو تو قرآن پاک کے کچھ حصے کی تلاوت کرتا رہے اور کثرت ذکر کے ساتھ باطن کی کیفیات اور برکات سے فائدہ اٹھاتا رہے۔ نیز توبہ، انابت، زہد، ورع، تقویٰ، صبر، قناعت، توکل، تسلیم اور رضا اپنا شیوہ ٹھہرائے اور ایسے مرشد کو دیکھنے سے اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ یاد آئے اور اپنے دل کو غلط ارادوں سے صاف پائے۔

اگر مرشد چشتیہ میں سے ہیں تو ان کی صحبت اور فیض سے ذوق وشوق اور دل میں اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کی بے پناہ محبت اور دنیا اور اہلِ دنیا سے جدائی وتنہائی حاصل ہو جائے اور اگر سلسلہ قادریہ میں سے ہیں تو دل کی صفائی، عالمِ ارواح اور فرشتوں سے تعلق اور ماضی اور مستقبل کے بعض واقعات کا منکشف ہونا اور اگر نقشبندی بزرگوں میں سے ہیں تو ان کی صحبت میں حضور یعنی اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کی مسلسل یاد، جمعیت یعنی اطمینان قلب نسبت یادداشت اور بے خودی یعنی اپنے اور مخلوق سے بے پرواہی وجذبات، یعنی جوش وخروش و واردات وانکشافات حاصل ہوں اور اگر بزرگانِ مجددیہ سے متعلق ہیں تو لطائف فوقانیہ میں جو کیفیات دل کی صفائی باطنی نسبت کے لطائف اور وہ انوار واسرار جو سلسلہ مجددیہ میں موجود ہیں، پیدا ہو جائیں اور اگر مرشد کی صحبت میں یہ چیزیں حاصل نہ ہوں تو یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ:

صالحین کی صحبت دنیا سے اٹھ گئی
اور شہد کا چھتہ بھڑوں کا چھتہ بن گیا

Marfat.com

## شناخت مرید

مرید کسے ہست کہ آتش طلبِ آرزوہا از باطنِ او بسوز و در دِ محبتِ (اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ) بے قرار دارد۔ سحر خیز و از دیدہ حسرت اشک ریز باشد۔ ناکامی و خاکساری شعار او از گذشتہ شرمساری و از آئندہ ترس کاری کار او تقسیم اوقات بر اعمال خیر مقرر نماید در قضایا صبر و عفو و نظر بر مشیت حضرت حق سبحانہٗ لازم گیرد۔

و بہ تقصیر خود معترف باشد و مردم را معذور داند و بر ہر نفس آگاہ از ذکر حق سبحانہٗ باشد، مبادا کہ ایں نفس آخریں بود و از غفلت برآید و در محاورات از پرخاش والزام خصم اجتناب نماید، مبادا بہ دلے آزار برسد کہ خانہ خدا است سبحانہٗ۔ ذکر اصحاب کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین بخیر کند، بلکہ موافق حدیث شریف در این واقعات سکوت اولیٰ است کہ طعن اینہا تا دور میرسد، تا کہ از طعن اینہا دوری میسر شود۔ ہرگاہ حاضران کہ تہذیب نیافتند کہ جانفشانیہا کردہ اند، غائباں راچہ توقع؟ و دوستی ایں ہا بہ دوستی حبیب اللہ است ﷺ۔

و در اولیائے کرام بگمانِ خود تفضیل یکے بر دیگرے نکند۔ یکے را فضل دادن بہ نص و اجماع صحابہ می شود رضی اللہ عنہم۔ جنون محبت از اعتبار ساقط است۔

## سماع

سماع را بزرگان شنیدہ اند بے مزامیر و بے حضور امارد و نساء و اجتماع نا اہلان۔ در

Marfat.com

## شناخت مرید

مرید وہ ہے کہ جس کے سینہ سے اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ سے امیدوں کی آگ بھڑکے اور اللہ کی شدت محبت اس کو بے چین کر دے۔ تہجد گزار ہو۔ اس کی نگاہ حسرت کے آنسو بہانے والی ہو۔ ناکامی وخاکساری اور گذشتہ سے شرمساری اس کا شعار ہو اور آئندہ کے لیے خوفِ الٰہی اس کا کام ہو۔ دنیا کی بے مرادی عاجز نفسی اس کا شیوہ ہو۔ اپنے کئے ہوئے پر شرمندہ اور اپنے اوقات کی تقسیم نیک اعمال کے لیے مقرر کرے اور واقعات وحوادثات میں صبر و حوصلہ اور عفو ودرگزر کر کے اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کی تقدیر پر راضی ہو۔

ہر وقت اپنی تقصیر وکوتاہی کا اعتراف کرتا رہے اور مخلوق کو بے قصور سمجھے اور ہر سانس اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کی یاد سے آگاہ رہے، شاید کہ یہ آخری سانس ہو اور غفلت سے نکل جائے اور عام گفتگو میں لڑائی جھگڑوں، سخت گوئی اور مقابل پر الزام تراشی سے پرہیز کرے۔ ایسا نہ ہو کہ کسی دل کو ٹھیس پہنچے کیونکہ دل اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کا گھر ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا ذکر خیر وبھلائی سے کیا کرے، بلکہ حدیث کی رُو سے (صحابہ کرامؓ کے اختلافات کے بارے میں) خاموشی بہتر ہے، تاکہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے بارے میں کچھ کہنے سے دوری میسر ہو۔ اگر رسول اللہ ﷺ کی صحبت یافتہ تہذیب نہ پا سکے باوجودیکہ انہوں نے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کئے ہیں تو ان کے سوا اوروں سے کیا خیر کی توقع ہو گی؟ جبکہ ان کی دوستی اللہ سبحانہٗ تعالیٰ کے حبیب ﷺ کی دوستی سے وابستہ ہے۔

اور اولیاء کرام میں اپنے گمان سے ایک کو دوسرے پر فضیلت نہ دے، کیونکہ کسی کو فضیلت دینا قرآن وسنت اور اجماع صحابہ رضی اللہ عنہم سے ہو سکتا ہے اور کسی ایک سے غیر اختیاری محبت کے جذبہ کا کوئی اعتبار نہیں۔

## سماع

سماع بزرگوں سے آلات موسیقی کے بغیر، عورتوں اور خوبصورت نوعمر لڑکوں اور نا اہل

Marfat.com

صحبت مبارک حضرت سلطان المشائخ ملاہی ہرگز نہ بُود، گریہ بُود وسوزِ جگر، چنانچہ در فوائد الفواد و سیر الاولیاء مفصل مذکوراست۔

خلافِ پیران کبار دل ہارا سیاہ می نماید۔ قلت سماع برائے بسط قبض باطنی یا زیادتی انبساط یا برائے ورد و معانی کہ در اشعار محبت و رقت قلب می شود، مقرر نمودہ اند نہ برائے اجتماع غافلاں۔ وایں مجامع برچنیں سماع فسق است زنہار ازاں پرہیز بکند۔ اگر کسے ملاہی را جایز داشتہ از غلبہ حال معذور است، اتباع آن منع است موافق شرع شریف۔

## ذکر جہر

ذکر جہر برائے علاج دل مقرر نمودہ اند۔ خفی اولیٰ است ہر وقت می شود و فضل ذکر خفی بر جہر ثابت است از روئے حدیث شریف جہر برائے حرارت (در) دل و رفع کسل چند بار بتوسط جائز تواند شد۔

## وحدۃ وجود و شہود

از غلبہ محبت کہ بکثرت اذکار و ریاضات می شود اسرار توحید ظاہر می گردد و آں دیدن یک ہستی است در ممکنات نہ دانستن و ممکنات را عین ذات حق سبحانہٗ وتعالیٰ گمان نمودن و بہ تقلید اربابِ حال، بوہم و خیال ایں معرفت بر زبان راندن و خود را موحد گرفتن دور است از عقل و شرع۔ حضرت رکن الدین ابوالمکارم علاء الدولہ سمنانی و حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہما و اتباع ایشاں دیدہ اند و دریافتہ اند کہ معرفتے

Marfat.com

کے بغیر سننا ثابت ہے۔ حضرت سلطان المشائخؒ کی محفل میں کوئی خلافِ شرع حرکت نہیں ہوا کرتی تھی۔ اگر کچھ ہوتا تو وہ گریہ اور سوزِ جگر ہوتا تھا جیسا کہ فوائد الفواد اور سیر الاولیاء جیسی کتابوں میں وضاحت سے موجود ہے۔

بزرگوں کی ہدایات کی خلاف ورزی دل کو بے نور کر دیتی ہے۔ تھوڑا سا سماع قبض باطنی تنگی اور اضطراب دل کو دور کرنے کے لیے بسط کو حاصل کرنے اور درد و سوز کو بڑھانے، ذوق ولطافت کے حصول کے لیے جو اشعار محبت (خداوندی) میں میسر ہوتا ہے اور دل کی نرمی کا سبب بنتا ہے۔ بعض بزرگوں نے ایک واسطہ کے طور پر اس (سماع) کو جائز رکھا تھا نہ کہ غفلت کی محفلیں سجانے کی خاطر۔ اور محفل سماع مذکورہ شرائط کے بغیر فسق و فجور میں داخل ہے۔ خبردار ایسی صورت میں پرہیز لازمی ہے۔ اگر کسی صوفی نے مطلقاً گانے بجانے کو جائز قرار دیا ہو تو اپنے جذبات سے مجبور ہے۔ شریعت کی رُو سے اس کی پیروی کرنا درست نہیں۔

## ذکر جہر

ذکر جہر دل کے علاج کے لیے تجویز کیا ہے، لیکن ذکر خفی بہتر ہے، کیونکہ ہر وقت ہو سکتا ہے اور حدیث شریف کی رُو سے خفی کی فضیلت ذکر جہری پر ثابت ہے۔ دل کی حرارت پیدا کرنے اور سستی دور کرنے کی خاطر ذکر چند بار معتدل آواز سے درست ہے۔

## وحدت وجود اور شہود

غلبۂ محبت کی وجہ سے، جو کثرت اذکار اور ریاضات سے حاصل ہوتا ہے، توحید باری کے اسرار و رموز منکشف ہوتے ہیں اور وہ تمام مخلوقات میں ایک خالق باری تعالیٰ کو دیکھتا ہے نہ کہ مخلوقات کو۔ حق سبحانہٗ کے ساتھ ایک ماننے کا خیال کرنا اور اپنے وہم وخیال سے وجد و حال کے بزرگوں کی پیروی میں اس بارے میں زبان سے کچھ کہنا اور خود کو موحد سمجھنا عقل وشرع کی رُو سے درست نہیں۔ حضرت رکن الدین ابوالمکارم علاء الدولہ سمنانیؒ اور حضرت امام مجدد الف ثانیؒ

Marfat.com

سوائے ایں معرفت نیز حاصل می شود موافق مذاق انبیاء است علیہم السّلام۔

## درویشی وقناعت

درویشی با خدا بودن وحسن اخلاق و اتباع شریعت است، دل از خاطر غیر پیراستہ وظاہر باتباع حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ آراستہ ودوام حضور کہ آں را مرتبہ احسان گویند، لازم باطن گردیدہ عجب سعادتے است۔ اگر عطا کنند محروم ندارند۔

## توحید افعالی

توحید افعالی افعال را از فعل یک فاعل دیدن وتوحید صفاتی را پرتو صفات حق سبحانہٗ یافتن توحید ذاتی وذوات را در ذات او تعالیٰ محو دیدن از اولیائے کرام مروی است۔

تا یار کرا خواہد ومیلش بہ کہ باشد

## اجازت وخلافت

کسے اگر نسبت وحالاتِ باطن کسب نماید وتہذیب اخلاق وصبر وتوکل و قناعت ورضا وتسلیم وترک دنیا کند وشائستہ ایں مرتبہ بلند باتباع سلف صالح او را اجازت باشد باید داد وبے حصول حالات وکیفیات باطن بمجرد تلقین اذکار اجازت دادن حرام است وخلاف پیران کبار۔ یکے را مغرور ساختن ودیگرے را محروم

Marfat.com

اوران کے پیروکاروں نے دیکھا اور پایا ہے، یعنی منکشف ہوا کہ ایک اور معرفت اس معرفت کے علاوہ بھی حاصل ہوتی ہے، جوانبیاء علیہم السلام کے مزاج کے مطابق ہے۔

## درویشی اور قناعت

ہر وقت اللہ تعالیٰ کی لَو لگانا، حسن اخلاق اور شریعت کی پابندی کرنا اور اس کا دل غیراللہ سے فارغ ہوتا ہے اوراس کی وضع قطع رسول اللہ ﷺ کی پیروی سے مزیّن ہوتی ہے اور دوام حضور، یعنی ہر لحہ اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ رہنا اور اس کی ذات باری کا ہر وقت آنکھوں کے سامنے ہونا، جس کو مرتبہ احسان پکارا جاتا ہے اس کے دل کا لازمہ ہو جائے ایک بہت بڑی سعادت ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ عطا کردے اوراس سے محروم نہ رکھے۔

## توحید افعالی

توحید افعالی یہ ہے کہ تمام کاموں کو ایک کرنے والے کے کرنے سے جاننا۔ توحید صفاتی یہ ہے کہ تمام مخلوقات کی صفات حق سبحانہٗ کی صفات کا عکس جاننا اور توحید ذاتی کا حاصل یہ ہے کہ تمام ہستیوں کو اللہ تعالیٰ کی ہستی میں محو پانا، جیسا کہ اولیائے کرام سے مروی ہے۔ مصرع: ''تعجب ہے اس محبت کے دعوے دار پر کہ محبوب ایک کو رکھتا ہے اور محبت دوسرے سے رکھتا ہے۔''

## اجازت اور خلافت

جب کوئی مرید اپنے سے پوری پوری نسبت قائم کر کے حالات باطنی، یعنی راہ سلوک کی منازل طے کر لے اور اپنے اخلاق وعادات کو سدھارے اور صبر وتوکل رضا وتسلیم اور ترک دنیا اختیار کرے اور اس بلند مرتبہ پر سلف صالحین کی تابعداری میں متصف ہو چکا ہو تو مرید اجازت و خلافت کا مستحق ہے۔ باطن کے حالات وکیفیات حاصل ہوئے بغیر صرف ورد ووظائف کی تلقین

Marfat.com

گردانیدن دوراست از عقل وشرع۔

اللہ تعالیٰ شمارا واین پیر عمر ضائع کردہ را رضائے خود ورضائے حبیب خدا ﷺ و اشتیاق لقائے خود کرامت فرماید۔

خدایا بحق بنی فاطمہؓ
کہ برقول ایمان کنی خاتمہ
اگر دعوتم رد کنی ور قبول
من و دست و دامان آل رسولؐ

## نماز باجماعت

بدانکہ نماز باجماعت و باطمانیت در رکوع و سجود وقومہ وجلسہ از پیغمبر خدا ﷺ ثابت است۔ قومہ وجلسہ بعضے فرض گفتہ اند۔ قاضی خان از مفتیان حنفیہ واجب گفتہ و بہ ترک آن بسہو سجدہ سہو واجب می گوید۔ واگر عمداً ترک کند باعادہ نماز قائل است، کسے کہ سنت مؤکدہ گفتہ است آن قریب است بواجب۔ ترک سنت باستخفاف کفر است۔ درقیام کیفیتے جدا است و در رکوع جدا و درقومہ وجلسہ وسجود وقعود حالات و کیفیات متنوع دست می دہد۔

نماز جامع انواع عبادات است۔ تلاوت وتسبیح ودرود واستغفار ودعا را شامل ست۔ اشجار گویا درقیام اند، حیوانات در رکوع، جمادات درقعدہ، نماز مشتمل بعبادات ہمہ ایں ہا است۔ نماز در معراج فرض شدہ کسیکہ بطریق مسنون صاحب معراج ﷺ ادا نماید، بعروجے درمقامات قرب برسد۔ ارباب ادب وحضور عروجہا در نماز می یابند، خدا ورسول ﷺ اواحسانے برامت کردہ اند کہ نماز را فرض نمودہ اند۔ پس اورا است منت واحسان و ویرا است صلوٰۃ وتحیہ وثنا۔

Marfat.com

کرنے سے اجازت دینا حرام ہے۔ بزرگوں کے طریقہ مشہور کے خلاف کرتے ہوئے کسی کو خلافت دے کر مغرور بنا دینا اور دوسرے کو محروم کر کے مایوس ٹھہرانا عقل و شرع سے بعید ہے۔

اللہ تعالیٰ آپ کو اور اس عمر ضائع کردہ بوڑھے کو اپنی رضا اپنے حبیب ﷺ کی رضا نصیب فرمائے، اپنے دیدار کے شوق سے نوازے۔

ترجمہ: ''اے میرے مولا! حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی اولاد کے وسیلہ سے میرا خاتمہ بالایمان ہو۔ اگر تو میری دعا قبول کرے یا نہ کرے لیکن میرے ہاتھوں سے آلِ رسول ﷺ کا دامن نہ چھوٹے۔''

## نماز باجماعت

نماز باجماعت میں رکوع سجدہ قومہ و جلسہ میں طمانیت اور خشوع رسول اللہ ﷺ سے ثابت ہے۔ بعض علماء نے تعدیل ارکان کو فرض لکھا ہے۔ احناف کے مفتیوں میں قاضی خانؒ نے واجب لکھا ہے اور ان کے چھوٹ جانے سے سجدہ سہو واجب کہا ہے اور اگر ارادتاً چھوڑ دے تو نماز کے لوٹانے کے قائل ہیں اور جن فقہاء نے تعدیل ارکان کو سنت مؤکدہ کہا ہے ان کا قول واجب کے قریب ہے۔ سنت کو معمولی اور حقیر سمجھنا کفر ہے۔ قیام کی کیفیت اور خشوع و خضوع جدا ہے اور رکوع، سجدہ، جلسہ، قعدہ کے حالات، کیفیات اور طمانیت جدا جدا ہوتی ہیں۔

نماز تمام عبادات کا مجموعہ ہے۔ مثلاً تلاوتِ قرآن کریم، تسبیح و درود، استغفار اور دعا پر مشتمل ہے۔ درخت گویا کہ قیام میں ہیں، حیوانات رکوع میں، جمادات قعدہ میں جبکہ نماز ان کی عبادات پر بھی مشتمل ہے۔ نماز شب معراج میں فرض ہوئی۔ اگر کوئی آدمی صاحبِ معراج رسول اللہ ﷺ کے مسنون طریقے سے ادا کرے تو وہ اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کی جناب میں بہت اونچے مقام پر فائز ہو جائے گا۔ اخلاص اور سنت کے پابند حضرات اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کا قرب و جوار نماز ہی میں ڈھونڈ پاتے ہیں۔ اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ نے

Marfat.com

دو نماز عجب صفائے و حضورے حاصل می شود۔ پیر ما فرمودہ کہ در نماز اگر چہ رؤیت نیست حالتے کالرؤیت می باشد وایں از مجربات است۔ وقتیکہ حکم تحویل قبلہ از بیت المقدس بسوئے قبلہ ابراہیم علیہ السّلام شد و یہود گفتند نماز ہا کہ بطرف بیت المقدس کردہ اید حکم آنہا چیست؟ آیت شریفہ نازل شد ما کان اللّٰہ لیضیع ایمانکم ای صلوٰتکم نماز را بہ ایمان تعبیر فرمودہ است۔ پس ضائع کردن نماز از طریق مسنون ضائع کردن ایمان است و فرمودہ ﷺ گردانیدہ شدہ است کہ خوشی و خنکی چشم من در نماز، یعنی ظہور و شہود۔ حضرت ذات حق است کہ چشم مرا راحت مے رساند۔ فرمود رسول اللہ ﷺ: ارحنی یا بلال باذان و اقامۃ۔ ''راحت رساں مرا یا بلال باذان و اقامت نماز''۔ کسے کہ راحت از غیر نماز فہمد، مقبول نیست کہ ایں تلاوت وانواع اذکار را متضمن است۔ کسے کہ نماز را ضائع می نماید، امور دیگر را از دین ضائع تر خواہد ساخت۔

## روزہ

روزہ بکلام لغو وغیبت بے ثواب می گردد وغیبت محبط ثواب اعمال است، از ان احتراز واجب سخت بے عقلی بود کہ بجد وکد اعمال کردہ شود وثواب آن حبط گردد۔ واعمال

Marfat.com

امت پر ایک بہت بڑا احسان فرمایا ہے کہ نماز جیسی عبادت کو فرض ٹھہرایا ہے۔ پس اسی ذات کے لیے احسان اور شکر گزاری ہے اور اسی کے لیے ہر قسم کی ثنا خوانی اور تمام تعریفیں ہیں۔

نماز میں عجیب قسم کی دلی صفائی اور حاضر باشی حاصل ہوتی ہے۔ ہمارے مرشدؒ نے فرمایا ہے کہ نماز میں اگرچہ اللہ سبحانہٗ تعالیٰ کا ان آنکھوں سے دیدار نہیں ہوتا، لیکن جو کیفیت نصیب ہوتی ہے وہ دیدار سے کم نہیں اور یہ تجربہ شدہ بات ہے اور جب تحویل قبلہ کا حکم بیت المقدس سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے قبلہ بیت اللہ شریف کی طرف ہوا تو یہودیوں نے اعتراض کیا کہ جو نمازیں بیت المقدس کی طرف پڑھی ہیں، ان کا کیا حکم ہوگا؟ تو یہ آیت نازل ہوئی: ما کان اللّٰہ لیضیع ایمانکم ای صلوٰتکم ''اللہ تمہارے ایمان یعنی نمازوں کو ضائع کرنے والا نہیں ہے۔'' دیکھیے یہاں نماز کو ایمان ہی فرمایا ہے۔ پس نماز کو طریق مسنون سے ادا نہ کرنا ایمان کو ضائع کرنے کے مترادف ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا ہے کہ میری آنکھوں کی ٹھنڈک اور خوشی نماز میں رکھی گئی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ سبحانہٗ تعالیٰ کا دیدار اور حضور ہوتا ہے جو میری آنکھوں کو آرام و چین پہنچاتا ہے۔ (فرمایا: ان تعبدو اللّٰہ کانک تراہ کہ جب تو عبادت کرے تو ایسے ہو جیسے تو خدا تعالیٰ کو دیکھ رہا ہے)۔ چنانچہ حضور ﷺ نے حضرت بلالؓ سے فرمایا کہ ارحنی یا بلال باذان و اقامۃ۔ ''اے بلال! مجھے راحت پہنچا اذان اور اقامت نماز سے۔'' اگر کوئی آدمی اپنے دل کا چین اور راحت نماز کے بغیر سمجھے تو ایسا شخص مقبول بارگاہ نہیں ہے، کیونکہ نماز تلاوت اور دیگر تمام قسم کے اذکار پر مشتمل ہے۔ جو شخص نماز ضائع کرتا ہے تو دین کے دوسرے احکام کا زیادہ ضائع کرنے والا ہوگا۔

## روزہ

فضول باتوں اور غیبت سے روزے کا ثواب ضائع ہو جاتا ہے، کیونکہ غیبت نیک اعمال کے ثواب کو مٹا دیتی ہے، اس سے پرہیز کرنا ضروری ہے۔ سخت نادانی ہوگی کہ اتنی

Marfat.com

بجناب کبریا سبحانہٗ عرض می شوند، بے ادبی بود کہ غیبت ولایعنی بجناب پروردگار خود عم نوالہ روانہ کند۔

شنیدن سرود وتار ونغمہ وطنبور ودیدن رقص وساختن نقل مزارات مقدسہ حضرات حسنین رضی اللہ عنہما کہ عزیزاں اختیا کردہ اند، ننگ و عار مسلمانی است، تصویرات اکابر ساختہ بزیارت آں ہا توسل بجناب کبریا خواہند از اسلام نیست، نادیدہ صور بزرگان می سازند، ایں افترا است تاب اللہ علیہم۔

سیّد اسماعیل عالم ومحدث سلمہ اللہ تعالیٰ وبارک فیما اعطاہ از مدینہ منورہ برائے کسب طریقہ مجددیہ پیش بندہ آمدہ بود۔ اور ابرائے زیارت آثار شریف در مسجد جامع فرستادم۔ رفت وزودتر برگشت۔ گفت آنجا ظلمت بتاں است، اگرچہ انوار پیغمبر خدا ﷺ ہم است۔ از مجاوراں پرسیدم کہ در درگاہ شریف آثار کیست؟ گفت: در صندوقے تصویرات بزرگان نہادہ شدہ اند۔ جزم کردیم کہ ایں ظلمت تصویرات است۔ آں حضرت ﷺ تصویر حضرت ابراہیم علیہ السّلام را بدست مبارک خود شکستہ اند۔ ایں عمل مبادا کہ ایں آیت شریفہ صادق آید: وما یؤمن اکثرھم باللّٰہ الا وھم مشرکون۔

مرغ جنگانیدن و کبوتر بازی و ہر لہو حرام است۔ سنگ تراشیدہ آں راقدم شریف پیغمبر خدا ﷺ قرار دادن این ہم مانند تصویر پرستی است۔ بجا آوردن رسوم کفار

Marfat.com

محنت کوشش سے نیک اعمال کیے جائیں اور ان کا ثواب تباہ ہو جائے اور انسان کے اعمال اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کی بارگاہ میں پیش کیے جاتے ہیں۔ بے ادبی ہوگی کہ غیبت اور اپنی فضول باتیں اس محسن ذات عم نوالہٗ کی بارگاہ میں روانہ کرے۔

رقص وسرود اور موسیقی کا سننا، حضرات حسنین رضی اللہ عنہما اور دیگر مزارات مقدسہ کی فرضی نقل بنانا، جو بعض پیروں فقیروں نے اپنی طرف سے یہ طریقہ گڑھ لیا ہے، جو مذہب اسلام کے لیے شرمساری اور رسوائی کی بات ہے اور بزرگوں کی تصویریں نقش کر کے جن کو بطور وسیلہ اللہ پاک کی بارگاہ میں پیش کرتے ہیں، اسلام میں اس کا کوئی جواز نہیں ہے۔ بزرگوں کے دیکھے بغیر ان کی تصویر اور نقش کا اتارنا جھوٹ اور بہتان ہے۔ اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ ایسے لوگوں پر رحم کرے۔

سیّد اسماعیل سلمہ اللہ تعالیٰ و بارک فیما اعطاہ جو ایک عالم اور محدث ہیں، بندہ کے پاس مدینہ منورہ سے سلسلہ مجددیہ کے حاصل کرنے کے لیے آئے تھے تو میں نے ان کو آثار شریف اور متبرکات کی زیارت کی غرض سے جامع مسجد دہلی میں بھیج دیا، وہ جاتے ہی فوراً واپس آگئے اور کہا کہ وہاں شرکیات کا اندھیرا ہے، اگرچہ رسول اللہ ﷺ کے انوارات بھی ہیں۔ میں نے وہاں کے ایک مجاور سے پوچھا کہ درگاہ شریف میں کیا کیا آثار موجود ہیں؟ تو اس نے کہا کہ دیگر آثار کے علاوہ صندوق میں بزرگوں کی تصویریں بھی ہیں۔ میں نے یقین کرلیا کہ یہ شرکیات کا اندھیرا انہی تصاویر کی وجہ سے ہے۔ آپ ﷺ نے فتح مکہ کے موقع پر بیت اللہ میں رکھے ہوئے بتوں کو جن میں حضرت ابراہیم علیہ السّلام کی مورت اور تصویر کو بھی اپنے ہاتھ مبارک سے توڑا تھا۔ اس شرکیہ عمل پر مبادا یہ آیت شریفہ صادق ہے: **وما یؤمن اکثرھم باللّٰہ الا وھم مشرکون** ۔ یعنی: ”اکثر لوگ اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہوئے بھی مشرک ہوتے ہیں۔“

مرغ لڑانا و کبوتر بازی اور ہر لہو حرام ہے۔ پتھر کو تراش کر پیغمبر خدا ﷺ کا قدم شریف قرار دینا یہ بھی تصویر پرستی کے مصداق ہے۔ کفار کے رسم و رواج کو اختیار کرنا مثلاً ہولی،

Marfat.com

ہولی و دیوالی و بسنت و نوروز مجوسیان تشبیہ بکافران است العیاذ باللہ ہرگاہ پیران زمانہ این قبائح مرتکب باشند ہم مریدان را سند میشود حاصل شد پیری و مریدی بتقوی منوط است کیفیت باطن وکشف وخرق عادت کفار را ہم می شود ولہذا باضافت نو اشغال کہ سبب تسخیر جاہلان می گردد چنانچہ اکثر صوفی ہا در نقش و تعویذ نوشتن برائے کسب دنیا است، اعتبارے ندارد واتباع پیغمبر ﷺ دین مسلمانی است وذرہ قرب حق سبحانہ و این است طریق اصحاب کرام واہل بیت عظام رضی اللہ عنہم ونزول قرآن برائے ہمین است اللہم اہدنا الصراط المستقیم ای صراط پیغمبر خود وصراط اصحاب کرام واہل بیت عظام رضی اللہ عنہم ثابت دار (آمین) [illegible]

[illegible]

فنائے حقیقی وحقیقت اسلام وشرح صدر ومقام دوام شکر ورضا کہ چوں و چرا بر حکم قضا بر می خیزد در قبول تکلیفات شرعیہ احتجاج دلیل نماندہ واستدلال بدیہی گردد و اطمینان از شورش ہائے مقام جذبہ وقوت یقین بمواعید الٰہی واستہلاک واضمحلال، چنانچہ برف در آفتاب می گدازد وتوحید صفاتی وانتفائے انا کہ وجود وتوابع وجود را منسوب بادسبحانہٗ یابدو در اطلاق لفظ انا بر خود مسامحت نتواند کرد متہم داشتن نیات ودید قصور کہ بغیر شر ومنقصت در خود نہ بیند۔

وتہذیب اخلاق کہ حاصل سلوک است وتزکیہ از رذائل حرص وبخل وحسد وحقد و کبر وحب جاہ وعجب وغیرہ درین مقام بلند دست دہد۔

تا یار کرا خواہد ومیلش بہ کہ باشد

در دائرہ دوّم وغیرہ نگرانی وتوجہ کہ متوہم می شد۔ مدرک نمی گردد کہ نفس صاحب توجہ فنا یافتہ نگران کہ باشد۔

دریں جا مطمئنہ بر تخت صدر ارتقامی نماید وانجذاب صدر را مدرک می شود۔

دریں جا مراقبہ حضرت ذات حق من حیث المحبت یحبھم ویحبونہ تا ولایت علیا می نمایند۔

تعبیر از مقامات قرب کہ مرتبہ بیچونی وتنزیہ حاصل است ودر عالم مثال مشہود می شود بدائرہ مناسب دیدہ اند والا جائیکہ خدا است دائرہ کجا است۔

## مراقبہ اسم ظاہر اسم باطن

بعد تمام شدن ولایتِ کبریٰ وسیر در اسم ھو الظاھر سیر وسلوک در ولایتِ علیا

ترجمہ: ''محبوب کا چہرہ ہر نقاب پر ایک نقاب رکھتا ہے۔ جس حجاب کو بھی تو نے طے کیا ہے، اس کے آگے ایک اور حجاب ہے۔''

ولی کے لیے فنائے حقیقی وحقیقت اسلام وشرح صدر ومقام دوام وشکر و رضا حاصل ہو کر حکم قضا پر چون وچرا اٹھ جاتا ہے اور تکلیفات شرعیہ کے قبول کرنے میں دلیل کی حاجت نہیں رہتی اور استدلال بدیہی ہو جاتا ہے اور مقام جذبہ کی شورشوں سے اطمینان ہو جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے وعدوں میں قوت یقین واستہلاک واضمحلال ہو جاتا ہے، جیسا کہ برف دھوپ میں پگھل جاتی ہے۔ توحید صفاتی وانا کے اٹھ جانے سے وجود وتوابع وجود کو اللہ سبحانہٗ سے منسوب پاتا ہے اور اپنے آپ پر لفظ انا کے اطلاق کو برداشت نہیں کر سکتا اور اپنی نیات کو اتہام اور الزام دینا اور ایسی دید قصور رکھنا کہ بغیر شر اور نقص کے اپنے اندر اور کچھ نہ دیکھے۔

اس مقام عالیہ پر اخلاق رزیلہ مثلاً حرص، بخل، حسد، کینہ، کبر، حب جاہ اور عجب وغیرہ سے اس کو چھٹکارا ہو جاتا ہے اور تہذیب واخلاق جو کہ تصوف کا ماحصل ہے، اس کو نصیب ہوتا ہے۔

ترجمہ: ''محبوب کس کو چاہتا ہے، اس کی محبت کس کے ساتھ ہوگی؟''

**دائرہ دوّم:** اس میں نگرانی وتوجہ کا وہم ہوتا ہے، لیکن اب اس کا ادراک نہیں ہوتا، کیونکہ نگرانی وتوجہ کرنے والا نفس ہی فنا ہو چکا ہے تو اب نگرانی کون کرے۔

اس مقام پر نفس نفس مطمئنہ بن جاتا ہے اور تخت شاہی پر جلوہ افروز ہو جاتا ہے۔ اس مقام پر جذب ومحبت کا ادراک صدر کو ہوتا ہے۔ اس مقام پر مراقبہ حضرت ذات باری میں من حیث المحبت یحبھم ویحبونہ کیا جاتا ہے، حتیٰ کہ سالک ولایت علیا میں پہنچ جاتا ہے۔

مقامات قرب کی تعبیر جن کو مرتبہ بے چونی وتنزیہ حاصل ہے اور عالم مثال میں مشہود ہو کر مناسب دائرے میں دیکھے گئے ہیں، مگر جہاں اللہ ہے وہاں دائرہ کہاں ہے؟

## مراقبہ اسم ظاہر اسم باطن

**ولایت علیا۔ مراقبہ اسم ظاہر:** ولایت کبریٰ کے تمام مقامات طے کرنے اور اسم

Marfat.com

است کہ ولایتِ ملاء اعلیٰ است علیہم السّلام۔ درایں ولایت کار بعناصر ثلثہ سوائے عنصر خاک افتد۔

دریں جا مراقبہ ذاتے کہ مسمّٰی ھو الباطن است می نمایند وذکر تہلیل وصلوٰۃ نافلہ دریں جا ترقی مے بخشد وتوجہ وحضور وعروج ونزول عناصر ثلاثہ را بہم می رسد وگاہے بدن مانند یک چشم نگران مدرک می شود ودر وقت سلطان الاذکار کہ مبتدیاں را حاصل میگردد و بدن را صفائی دست دادہ بود، آن صفا دیگر است واین تصفیہ عناصر دیگر۔ حالات و کیفیات ایں جا بالطافت ونزاکت است۔

ووسعت عجیب در باطن پیدا می شود ومناسبت بملاء اعلیٰ حاصل میگردد ومی تواند کہ ملائکہ کرام ظاہر شدن گیرند واسراریکہ لائق ستر وخفا است مدرک گردد ھینــــاً لا ربــاب الــنعیم نعیمھا۔ بعد حصول سیر اسم ھـو الـظـاھر و ھو الباطن دوجناح برائے سیر بسوئے مقصود کہ ذات بحت است، حاصل می شود۔ پس بانجام رسانیدن معاملہ ولایت علیا اگر فضل الٰہی شامل حال شود، سیر در کمالات نبوت واقعہ خواہد شد۔

## مراقبہ کمالات نبوت

وآن عبارت است از دوام تجلّی ذاتی بے پردہ صفات واسمائے۔ درین مقام شگرف یک نقطہ درایں جا بہتر از جمیع مقامات ولایت است، حضور بے جہت میشود و نگرانی وتوجہ ھائے سابقہ وتپش طلب و بے تابی وشوق زائل می شود۔ وبرو یقین دست مے دہد، دست حال ومقام ومعرفت از ینجا کوتاہ است۔ لا تـدرکـہ الابـصـار بر صدق حال گواہ است۔

Marfat.com

''ھو الظاھر'' میں سیر کرنے کے بعد سیر وسلوک ولایت علیا میں سیر ہے کہ یہ ولایت ملاء اعلیٰ علیہ السلام کی ہے۔اس ولایت میں طالب کا معاملہ عناصر ثلاثہ سے بالاستثنائے عنصر خاک پڑتا ہے۔

**مراقبہ اسم باطن:** اس مقام پر مراقبہ ذات الٰہی کے اسم ھو الباطن کا کیا جاتا ہے۔ اب ذکر تحلیل اور نوافل طالب کو ترقی بخشتے ہیں اور توجہ وحضور وعروج ونزول اب عناصر ثلاثہ کو بہم پہنچتا ہے اور کبھی کبھی بدن ایک دیکھنے والی آنکھ کی مانند ادراک میں آتا ہے۔ یہ ایسی ہی کیفیت ہوتی ہے جو مبتدیوں کو سلطان الاذکار کے وقت حاصل ہوتی ہے اور بدن میں تو صفائی آگئی تھی، وہ صفائی دوسری ہے اور یہ تصفیہ عناصر اور ہے۔ اس مقام پر کیفیات و حالات کے ساتھ لطافت ونزاکت حاصل ہوتی ہے۔

باطن میں عجیب وسعت پیدا ہوتی ہے۔فرشتوں سے مناسبت پیدا ہوتی ہے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ اس مقام پر طالب پر فرشتے ظاہر ہوں اور راز اور بھید جو اخفا کے قابل ہیں، طالب کو ان کا ادراک ہو جائے۔ ھنیئاً لا رباب النعیم نعیمھا۔ سیر اسم ھو الظاھر اور ھو الباطن کے بعد طالب کو دو پَر مقصود کی طرف سیر کے لیے جو کہ ذات بحت ہے، حاصل ہو جاتے ہیں۔ اگر فضل الٰہی شامل ہو جائے تو ولایت علیا کا معاملہ سرانجام کرنے کے بعد سیر کمالات نبوت میں واقع ہوگی۔

## مراقبہ کمالات نبوت

کمالات نبوت میں سیر دائمی تجلی ذاتی بے پردہ صفات واسماء نصیب ہوتی ہے۔ اس عالی شان مقام میں کہ جس کا اس جگہ ایک نقطہ طے کرنا سارے مقامات ولایت سے بہتر ہے، حضور بے جہت ہوتا ہے اور نگرانی وتوجہات سابقہ اور تپش طلب اور شوق کی بے تابی زائل ہو جاتی ہے۔ یقین کامل نصیب ہوتا ہے۔ حال مقام اور معرفت کی یہاں تک رسائی نہیں۔ لا تدرکہ الابصار سالک کے صدق حال پر گواہ ہے۔

Marfat.com

بطراز دامن ناز اوچہ زخاکساری مارسد
نزدآن مژہ بہ بلندی کہ ذکروسرمہ دعارسد

دریں جایافت وادراک علامت نارسائی است۔نکارۃ وجہالت نسبت ووصل عریاں حاصل مےشود۔ووصول است حصول نیست۔

اتصالے بے تکیف بے قیاس
ہست رب الناس را باجان ناس

صفائے وقت وحقیقت اطمینان واتباع ھوالماجاء بہ المصطفیٰ ﷺ وکمال وسعت نسبت باطن وبے کیفیتی ویاس وحرمان دست می دہد۔معارف وحقائق ایں جاشرائع است وبس کہ این مقامات انبیاء است علیہم السّلام وتابعاں رابہ تبعیت ووراثت حاصل شدہ توحید وجودی وشہودی از معارف ولایت بُود درراہ مے ماند، اما عروج و نزول بجذبات لطیفہ خاک رابالاصالتہ وبہ تبعیت لطائف ثلاثہ رامیسری شود،مورد فیض درایں جابالاصالتہ لطیفہ خاک است وبہ تبعیت تمام بدن۔

درایں جامراقبہ ذات بحت معرااز جمیع اعتبارات وحیثیات سابقہ مےنمایند و تلاوت قرآن مجید وطول قنوت درنماز درکمالات ثلاثہ وحقائق سبعہ وجز آن کہ من بعد پیش خواہد آمد۔ترقی مےبخشد ہمیں بے رنگی ھا ولطافت ھادر پیش مےآید کہ این مقامات بلنددرجات وامواج بحرنامتناہی ذات بحت الٰہی است جل جلالہٗ۔

## مراقبہ کمالات رسالت وکمالات اولوالعزم وحقائق سبعہ

درکمالات رسالت وکمالات اولوالعزم وحقائق سبعہ وجزآں موردفیض۔ہیئت وحدانی سالک است کہ بعد تنویر وتکمیل لطائف عشرہ حاصل شدہ عروج ونزول و انجذاب نصیب تمام بدن است۔

Marfat.com

ترجمہ: ''اس کے ناز کے دامن کے پلو تک ہماری خاکساری سے کیسے پہنچ سکتے ہیں؟ اس کے ابرو کی بلندی کی وجہ سے دعا کا سرمہ ہی پہنچ سکتا ہے۔''

اس مقام میں یافت وادراک نہ پہنچنے کی علامت ہے۔ ناکارگی اور نسبت کی جہالت اور وصل عریاں حاصل ہوتا ہے اور وصول ہے حصول نہیں ہے۔

ترجمہ: ''خدا تعالیٰ کو بندوں سے جو اتصال ہے۔ وہ بے کیف اور بے قیاس ہے۔''

طالب کو صفائی وقت وحقیقت اطمینان اور جناب محمد مصطفیٰ ﷺ پر نازل شدہ احکام الٰہی کا اتباع اور کمال وسعت نسبت باطن اور بے کیفیتی اور یاس وحرمان حاصل ہوتا ہے۔ اس جگہ معارف وحقائق شریعت کی صورت میں ہیں اور بس، کیونکہ یہ انبیاء علیہم السلام کے مقامات ہیں اور تابعین کو از راہ تبعیت ووراثت حاصل ہوئے۔ توحید وجودی وشہودی جو کہ معارف ولایت سے تھی راستے میں رہ جاتی ہے، مگر لطیفہ خاک کو بالاصالتہ اور لطائف ثلاثہ (پانی۔ ہوا۔ آگ) کو بہ تبعیت عروج ونزول وجذبات میسر آتے ہیں۔ اس جگہ میں مورد فیض بالاصالتہ لطیفہ خاک ہے اور بہ تبعیت تمام بدن۔

اس مقام میں مراقبہ ذات بحت جو کہ سابقہ جملہ اعتبارات وحیثیات سے معرا ہو، کرتے ہیں اور تلاوت قرآن مجید اور نماز میں طول قنوت کمالات ثلاثہ اور حقائق سبعہ اور جو کچھ اس کے بعد پیش آئے گا، میں ترقی بخشتا ہے۔ یہی بے رنگیاں اور لطافتیں پیش آتی ہیں کہ یہ بلند درجوں والے مقامات اور ذات بحت الٰہی جل جلالہ کے بحر لامتناہی کی موجیں ہیں۔

## مراقبہ کمالات رسالت وکمالات اولوالعزم وحقائق سبعہ

کمالات رسالت وکمالات اولوالعزم وحقائق سبعہ اور من بعد مقامات میں مورد فیض اور عروج ونزول وانجذاب تمام بدن کو نصیب ہے۔ ہیئت وحدانی سالک ہے جو کہ لطائف عشرہ کی تنویر وتکمیل کے بعد حاصل ہوئی۔

Marfat.com

ایں کار دولت است کنون تا کرا رسد

از کمالات رسالت وکمالات اولوالعزم چیزے نوشتہ نشد۔

## مراقبہ حقیقت کعبہ، حقیقت قرآن مجید، حقیقت صلوٰۃ

حقیقت کعبہ عبارت از ظہور سر اوقات عظمت و کبریائی ذاتیہ الٰہیہ است و حقیقت قرآن عبادت است از مبدء وسعت بے چونی حضرت ذات۔

وحقیقت صلوٰۃ عبارت از کمال وسعت بے چونی حضرت ذات فرمودہ اند۔از کلام حضرت مجدد قدس سرہ مستفادے شود معبودیت صرفہ کہ بعد از حقیقت صلوٰۃ مشہود بود، بے چونی صرفہ ذات بود کہ ازان نصیبہ بمقبولاں برسد۔ و برآن داخل دائرہ قیومیت ے شود۔ وازذاتیکہ قیام جمیع حقائق امکانی باآن تواند بود۔ بہرہ ے یابند مقامات عابدیت وسیر قدمے وسلوک بانتہائے این حقائق تمام می شود۔

## مراقبہ معبودیت صرفہ وحقیقت ابراہیمی

بعد زاں معبودیت صرفہ است وبس وایں جا سیر قدمے ممتنع گفتہ اند۔ وسیر نظری جائز داشتہ مقام خلت حقیقت ابراہیمی است علیہ السلام وآن مقام است بس شگرف کثیر البرکات انبیاء درین مقام تابع اند حضرت خلیل را حبیب الرحمٰن علیہ وعلیہم السلام بامر فاتبع ملته ابراهيم حنيفا مامور است۔

لہٰذا در صلوٰۃ و برکات مطلوبہ خود را تشبیہ ے فرماید بصلوٰۃ ابراہیمی علیہ السلام اللّٰھم صل علیٰ محمد وعلیٰ ال محمد کما صلیت علیٰ ابراھیم وعلیٰ ال ابراھیم انک حمید مجید ازایں جادریاب خیروبرکت این مقام عالی را۔

Marfat.com

ترجمہ: "یہ دولت کا کام ہے، اب کون اس تک پہنچتا ہے۔"

## مراقبہ حقیقت کعبہ، حقیقت قرآن مجید، حقیقت صلوٰۃ

حقیقت کعبہ سراوقات عظمت وکبریائی ذاتیہ الٰہی کے ظہور سے عبارت ہے۔ حقیقت قرآن باری تعالیٰ کی ذات پاک کی وسعت بے چونی کا مبدء ہے۔

حقیقت صلوٰۃ باری تعالیٰ کی ذات پاک کی وسعت بے چونی کا درجہ کمال ہے۔ حضرت مجدد قدس سرہ کے کلام سے مستفاد ہوتا ہے کہ مقام معبودیت صرفہ جو کہ حقیقت صلوٰۃ کے بعد مشہود ہوتا ہے، ذات اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کی بے چونی صرف ہے کہ اس کے نصیب ہونے سے مقبولان بارگاہ میں پہنچ جاتا ہے اور دائرہ قیومیت میں داخل ہو جاتا ہے اور اس ذات سے بہرہ وری ہے۔ عابدیت کے مقامات اور ان حقائق کی انتہا تک سیر قدمی وسلوک تمام ہو جاتا ہے۔

## مراقبہ معبودیت صرفہ وحقیقت ابراہیمی

بعد ازاں معبودیت صرفہ ہے اور بس۔ اس جگہ سیر قدمی کو منع فرماتے ہیں اور سیر نظری کو جائز رکھا ہے۔ مقام خلت حقیقت ابراہیمی علیہ السلام ہے۔ وہ مقام بہت عظیم اور کثیر البرکات ہے۔ انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والتسلیمات اس مقام میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے تابع ہیں اور آنحضرت حبیب الرحمٰن ﷺ فاتبع ملته ابراهیم حنیفا کے امر پر مامور ہیں۔

لہٰذا صلوٰۃ اور برکات مطلوبہ میں خود کو صلوٰۃ ابراہیمی سے تشبیہ فرماتے ہیں۔ اللّٰھم صل علٰی محمد وعلٰی اٰل محمد کما صلیت علٰی ابراھیم وعلٰی اٰل ابراھیم انک حمید مجید. اللّٰھم بارک علٰی محمد وعلٰی اٰل محمد کما بارکت علٰی ابراھیم وعلٰی اٰل ابراھیم انک حمید مجید۔ یہاں اس مقام بلند کی خیر وبرکت کو سمجھ لینا چاہیے۔

Marfat.com

## مراقبہ حقیقت موسوی

مرکز ایں مقام محبیت صرفہ ذاتیہ حقیقت موسوی است علیہ السّلام و بسیارے از پیغمبراں بمطابعت او بایں مقام رسیدہ اند۔ و در قرب و معیت ممتاز اند علیہ السّلام۔

## مراقبہ حقیقت محمدی ﷺ

ایں مرکز بتدقیق کشفی دائرہ عظیم می نماید۔ و مرکز این دائرہ محبیت و محبوبیت ذاتیہ ممتزجین حقیقت محمدی است ﷺ۔

گویا دو میم اسم مبارک محمد ﷺ بر این محبیت و محبوبیت اشارہ می فرمایند و نیز درین مرکز کہ بغور نظر، رفتہ می شود و مثل دائرہ رفیع الشان نظر می آید۔

## مراقبہ حقیقت احمدی ﷺ

مرکز ایں دائرہ محبوبیت صرفہ حقیقت احمدی است۔ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وبارک وسلّم و میم اسم مقدس احمد ازین معنی رمزے وامی نماید۔

بدانکہ ایں عظمت و کبریا و ایں وسعت و ایں محبت و درجات آن می تواند کہ در نفسِ حضرت ذات حق تعالیٰ باشد کہ حصول این مراتب بعد تحصیل تجلیات ذاتیہ دائمیہ کہ در کمالات نبوت حصول می شود، پیش می آید باعظمت و وسعت بودن و محبّ و محبوب خود شدن۔ تحقیق آن موقوف بر اضافت غیر نیست، محض وجوہ و اعتبارات است حصر حضرت ذات حق تعالیٰ را تعالت و تقدست و نیز مقتضائے محبت کہ در سیر ظلال و صفات پیدا شود۔ اذواق و اشواق قلبی است و محبتے کہ در این مقامات محض بفضل الٰہی دست دہد۔ موجب کمال و اطمینان و وسعت و بے رنگی باطن و ارادہ طاعت و استوا و ایلام و انعام محبوب می گردد۔

چنانچہ شہادت وجدان اہل وصول ایں مقامات مصداق این معنیٰ است۔

Marfat.com

## مراقبہ حقیقت موسوی

اس مقام کا مرکز محبیت صرافہ ذاتیہ حقیقت موسوی علیہ السلام ہے اور بہت سے پیغمبر آپ کی متابعت سے اس مقام پر پہنچے ہیں اور قرب و معیت الٰہی میں ممتاز ہیں۔ علیہم السلام۔

## مراقبہ حقیقت محمدی ﷺ

اس مقام کا مرکز دقیق نظر کشفی میں ایک عظیم دائرہ نظر آتا ہے اور اس دائرہ محبیت و محبوبیت ممتزجین کا مرکز حقیقت محمدی ﷺ ہے۔

گویا اسم مبارک محمد ﷺ کے دو میم اسی محبیت و محبوبیت کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور نیز اس مرکز میں بغور دیکھا جائے تو ایک رفیع الشان دائرہ کی مثل نظر میں آتا ہے۔

## مراقبہ حقیقت احمدی ﷺ

اس دائرہ کا مرکز محبوبیت صرفہ ذاتیہ حقیقت احمدی ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وبارک وسلم۔ اسم مقدس ''احمد'' کا میم اسی بھید کو کھولتا ہے۔

جان لیں کہ یہ عظمت و کبریائی اور یہ وسعت اور یہ محبت اور اس کے درجات ہوسکتا ہے کہ نفس حضرت ذات میں ہوں کہ ان مراتب کا حصول تجلیات ذاتی دائمی کے حاصل ہونے کے بعد جن کا حصول کمالات نبوت میں ہوتا ہے، پیش آتا ہے۔ باعظمت و باوسعت ہونا اور اپنا محبّ و محبوب ہونے کی تحقیق غیر کی اضافت پر موقوف نہیں ہے۔ محض حضرت ذات حق تعالیٰ و تقدس کے وجوہ واعتبارات ہیں۔ نیز مقتضائے محبت جو کہ ظلال وصفات کی سیر میں پیدا ہوتا ہے وہ قلبی اذواق واشواق ہیں اور جو محبت ان مقامات میں محض بفضل الٰہی نصیب ہوتی ہے، کمال اطمینان و وسعت و بے رنگی باطن وارادہ طاعت واستواء ایلام و انعام محبوب کا موجب بن جاتی ہے۔

چنانچہ ان مقامات کے واصل حضرات کے وجدان کی شہادت اس معنی کی مصداق

Marfat.com

حصول این معانی در کمال مقامات سافلہ نیز می شود۔ فارق قطع و خاصہ این مقام چہ باشد، بلکہ انصاف آن است کہ ہر مقامے را آثار خاصہ کہ مطلقاً در دیگرے حاصل نشود وہمہ را کہ در آن مقام شامل باشد و بآن استدلال بر حصول آن مقام تواں کرد نیست۔ توقع آن ہم نہ باید داشت واگر از صفات اضافیہ باشد وآن در اوّل درجہ ولایت کبریٰ گذشتہ رجعت قہقری لازم می آید، فتامل بالجملہ حقیقت محمدی ﷺ وحقیقت احمدی ﷺ باحضرت ذات نزدیک تراند وآن حضرت رئیس محبوباں گشت وتابعان او خیر الامم ﷺ۔

اللّٰھم ارزقنا حبک و حبه واتباعه وشفاعته و رضاک و رضائه۔

## مراقبہ حب صرف ولاتعین

بعدہ حب صرف ولاتعین است کہ سیر قدمی ایں جا کوتاہ است وسیر نظری روا۔

بدانکہ نزد حضرت مجددؒ تعین اوّل تعین حبی است ومرکز آن تعین حب باعتبار محبوبیت ذاتیہ حقیقت احمدی است وتعین روحی آنحضرت ﷺ است وباعتبار محبوبیت و محبیت ممتزجین۔

حقیقت محمدی است وتعین جسدی آنحضرت ﷺ است وباعتبار محبیت صرفہ حقیقت موسوی است علیہ السّلام وتعین موسیٰ علیہ السّلام ومحیط آن مرکز کہ مثل دائرہ است، درصورت مثالی خلت است وآن حقیقت ابراہیمی است علیہ السلام۔

وتعین ثانی تعین وجودی است ومانند ظل است تعین اوّل را تعین حضرت ابراہیم علیہ السّلام ومبدء تعین ہر پیغمبرے ورسولے حصہ است، از حصص این تعین وجودی واز امتان نیز اگر کسے را بہ برکت متابعت، انبیاء علیہم الصلوٰۃ والتسلیمات درین تعین وجودی نصیبے باشد۔

Marfat.com

ہے۔کمال میں اس معنی کا حصول مقامات سافلہ میں بھی ہو جاتا ہے۔اس مقام کی قطعی فرق کرنے والی اور خصوصیت کیا ہوگی، بلکہ انصاف وہ ہے کہ ہر مقام کے آثار خاصہ جو کہ دوسرے کو مطلق حاصل نہیں ہوتے اور سب کو جو اس مقام میں شامل ہوں اور اس استدلال کے ساتھ اس مقام کا حصول کرسکتا ہو، اس کی بھی توقع نہیں کرنی چاہیے اور اگر صفات ذاتیہ ہوں اور وہ اوّل درجہ ولایت کبریٰ میں گزر کر رجعت قہقری لازم آتی ہے۔پس غور کرنا چاہیے۔

مختصر یہ کہ حقیقت محمدی ﷺ واحمدی ﷺ اللہ تعالیٰ کی ذات اقدس کے نزدیک تر ہیں اور یہی وجہ ہے کہ آنحضرت ﷺ رئیس محبوباں بن گئے اور آپ ﷺ کے تابع حضرات خیر الامم بن گئے۔ ''اے ہمارے اللہ! ہمیں اپنی حب نصیب فرما اور اپنے رسول اکرم ﷺ کی حب و اتباع وشفاعت نصیب فرما اور اپنی رضا اور اپنے محبوب اکرم ﷺ کی رضا نصیب فرما۔''

## مراقبہ حب صرف ولاتعین

اس کے بعد حب صرف ولاتعین ہے کہ سیر قدمی یہاں ممتنع ہے اور سیر نظری روا ہے۔

جان لو کہ حضرت مجدد الف ثانیؒ کے نزدیک تعین اوّل تعین حبی ہے۔اس تعین حب کا مرکز باعتبار محبوبیت حقیقت احمدی ہے اور یہ آنحضرت ﷺ کا تعین روحی ملکی ہے۔ باعتبار محبوبیت ومحبیت ممتزجین حقیقت محمدی ﷺ ہے اور آنحضرت ﷺ تعین جسدی بشری ہے، بہ اعتبار محبیت صرفہ حقیقت موسوی ہے اور تعین موسیٰ علیہ السّلام ہے۔اس مرکز کا محیط جو دائرہ کی مانند ہے، صورت مثال میں خلت ہے اور یہ خلت حقیقت ابراہیمی ہے۔علیہ السّلام

**تعین ثانی:** تعین ثانی تعین وجودی ہے اور تعین اوّل کی ظل کی مانند ہے۔ یہ حضرت ابراہیم علیہ السّلام کا تعین ہے اور اس تعین وجودی کے حصوں سے ہر پیغمبر اور رسول کا مبدء تعین ایک حصہ ہے اور امتوں میں سے اگر کسی کو متابعت انبیاء علیہم الصلوٰۃ والتسلیمات کی برکت سے اس تعین وجودی میں نصیب ہو جائے۔

وحصہ یا نقطہ آن تعین مبدء تعین آن کسے بود۔ مجوز است، بلکہ واقعہ ملائکہ علیین راعلیہم السلام نیز مبادی تعینات درہمین تعین وجود است وحقیقت امیر المومنین ابوبکر صدیقؓ کہ مبدء تعین اوست۔ بے توسط امرے ظل حقیقت محمدی است ﷺ بر نہجے کہ ہر چہ کہ دران حقیقت کائن است بطریق تبعیت ووراثت دران ظل ثابت از ینجا است کہ حضرت صدیقؓ ضمنیت کبریٰ داشتند کہ از کمال محبت ومعیت در ضمن حبیب خدا ﷺ سیر مقامات قرب می فرمودند "ما صب الله فی صدری شیأ الا صببته فی صدر ابی بکر" وایں مرتبہ عالیہ شیخ الشیوخ شیخ محمد عابدؒ را بہ تبعیت ووراثت حاصل شدہ بودو حضرت شیخ (محمد عابدؒ) حضرت ایشان مارا بضمنیت خود ممتاز فرمودہ اند، چنانچہ روزے حضرت شیخ (محمد عابدؒ) فرمودند کہ اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ امشب ما بہ نسبتے تازہ سرفراز فرمودہ است۔ حضرت ایشانؒ ما بعرض رسانیدند کہ از فلاں وقت ایں نعمت عظمیٰ کرامت کردہ (محمد عابد صاحبؒ) فرمودند آرے شما ضمنیت ما دارید شما را نیز بایں دولت سرفراز فرمودہ اند۔ سبحان اللہ زہے وقبول وصحت کشت وادراک حالات ومقامات۔ در حقائق انبیاء کرام صلوات اللہ علیہم اجمعین کثرت درود شریف۔ با برزخیت روح مبارک پیغمبرے کہ با حقیقت او اتصالے بہم رسیدہ ترقی افزا است۔

**اللّٰهم صل علٰی سیّدنا محمد حبیبک و ابراهیم خلیلک وبارک وسلّم.**

یا درود کہ در تشہد معمول است تا سہ ہزار وردسازد۔ درین مقامات انوار نسبت و ارواح طیبہ آن اکابر علیہم التسلیمات ظہور کند ودر ایمانیات قوت ہا بیفزاید۔

بدانکہ ایں ولایات ثلاثہ وایں کمالات ثلاثہ وحقائق سبعہ ودیگر مقامات کہ نمے ازان دریا درین قرطاس تراوشے یافتہ، ہمہ متوسلان ایں خاندان شریف را میسر نیست۔ بعضے بولایت قلبی، بلکہ در دائرہ امکان وبعضے بولایت کبریٰ وقلیلے بکمالات

Marfat.com

اور اس تعین کا حصہ یا نقطہ اس آدمی کا مبدء تعین ہو جائے تو یہ جائز ہے، بلکہ واقع ہے۔ ملائکہ علیین علیہم السلام کے مبادی تعینات بھی اسی تعین وجود میں ہیں اور حقیقت امیر المومنین حضرت ابوبکر صدیقؓ جن کا مبدء تعین بغیر کسی امر کے توسط کے حقیقت محمدی ﷺ کا اس نہج پر ظل ہے کہ جو کچھ اس حقیقت میں شامل ہے وہی تبعیت و وراثت کے طریق پر اس ظل میں ثابت ہے۔ اسی جگہ ہے کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ کو ضمنیت کبریٰ حاصل تھی جو کہ کمال محبت و معیت سے حبیب اللہ ﷺ کے ضمن میں قرب الٰہی کے مقامات کی سیر فرماتے تھے۔ اس لیے حدیث میں آیا ہے: ''جو شئے اللہ تعالیٰ نے میرے سینے میں ڈالی وہ ابوبکر صدیقؓ کے سینے میں پلٹ دی گئی ہے۔'' یہی مرتبہ عالیہ شیخ الشیوخ حضرت محمد عابدؒ کو بہ تبعیت و وراثت حاصل ہو گیا تھا اور شیخ محمد عابدؒ نے ہمارے حضرت مرزا مظہر جان جاناںؒ کو اپنا ضمنی بنا کر ممتاز فرمایا تھا، چنانچہ ایک دن حضرت شیخ محمد عابدؒ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے آج رات مجھے نسبت تازہ سے سرفراز فرمایا ہے۔ حضرت مرزا مظہر جان جاناںؒ نے عرض کیا کہ آپ کو یہ نعمت فلاں وقت ملی ہے۔ حضرت شیخ محمد عابدؒ نے فرمایا کہ ہاں تم میرے ضمنی ہو اور تمہیں بھی اس دولت سے سرفراز کیا گیا ہے۔ سبحان اللہ۔ اللہ تعالیٰ قبول فرمائیں اور انبیاء کرام علیہم السلام کے حقائق میں صحت کشف و ادراک حالات و مقامات کثرت درود ال پیغمبر علیہم السلام کی روح مبارک کی برزخیت کے ساتھ کہ جس کی حقیقت کے ساتھ اتصال حاصل ہوا ہے، ترقی بخشنے والا ہے۔

یا اس درود شریف کی بجائے وہ درود شریف جو تشہد میں ہے۔ تین ہزار کی تعداد میں پڑھے۔ ان مقامات میں انوار نسبت اور ان اکابر علیہم الصلوٰۃ والتسلیمات کی ارواح پاک کا ظہور ہوتا ہے اور ایمانیات میں قوت ایمان بڑھ جاتی ہے۔

جان لیجیے کہ یہ ولایت ثلاثہ اور یہ کمالات ثلاثہ و حقائق سبعہ و دیگر مقامات جن کے متعلق ان صفحات پر ان سمندروں کی کچھ نمی ٹپکائی گئی ہے، اس خاندان کے تمام متوسلین کو حاصل نہیں ہیں۔ بعض ولایت قلبی، بلکہ دائرہ امکان تک پہنچے ہیں۔ بعض ولایت کبریٰ تک کم

ثلاثہ و نادرے بہ حقائق سبعہ و جز آں فائز می شوند۔ ازیں است کہ در حالات و تاثیرات ایں عزیزان تفاوت ھا است کہ حالات وعلوم ہر مقام جدا است، چنانچہ نمونہ ازان تحریر یافتہ۔ بالجملہ در ولایات، خصوصاً در ولایت قلبیہ تاثیر وحالات باذوق وشوق وحرارت ظاہر شود۔

و در کمالات نبوت وحقائق سبعہ جمعیتے باصفا ولطافت بے رنگ پیدا گردد کہ دریں جا تجلیات ذاتیہ بے پردہ اسماء وصفات ظہور دارد۔ کما لا یخفٰی علٰی اھلھا۔ و تفصیل این مقامات ومعارف در مکتوبات حضرت مجددؒ مذکور است وبالفعل درین کمالاتِ ثلاثہ واین حقائق سخن نمودن از رسمے بیش نیست استعداد کجا وکرا۔ لیاقت ایں مقامات بلند است۔

نہ ہر کہ سر بتراشد قلندری داند
نہ ہر کہ آئینہ سازد سکندری داند

بشارت معمولہ این خاندان بے تحقق آثار وعلامات آن در خارج وباطن سالک مسموع ومعتبر نیست۔

گر موشے بخواب اندر شتر شد

آنچہ مشہور است کہ علم احوال ضرور نیست، مراد علم تفصیل احوال یا کشف احوال است۔ واگر فرضاً عدم تغیر باطن از ورود حالات باشد، پس بے خطرگی ودوام نگرانی وفناء ہواء وفناء ارادہ وفناء انا ضرور است۔ حضرت ایشان ؒ می فرمودند۔ قریب است کہ راہ تسلیک جمیع مقامات مجددیہ مسدود شود۔ واشارہ بقرب انتقال خود فرمودند وفرمودند معلوم نیست کہ بر روئے زمیں کسے را قوت تسلیک تمام مقامات باشد۔ محمد احسان در روضۃ القیومیہ کہ در مناقب حضرات مجددیہ رضی اللہ عنہم نوشتہ، نیز نقل این معنی نمودہ۔

Marfat.com

کمالات ثلاثہ سے بہرہ مند ہوئے ہیں۔ شاذ و نادر لوگ حقائق سبعہ اور اس کے علاوہ پر فائز ہوئے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اس خاندان کے تمام متوسلین کے حالات اور تاثیرات جدا جدا ہیں کہ ہر مقام کے حالات و علوم جدا جدا ہیں۔ جیسا کہ پہلے بطور نمونہ تحریر کیا ہے۔ بالجملہ ولایات میں، خاص طور پر ولایت قلبیہ میں ذوق و شوق و حرارت کے ساتھ حالات ظاہر ہوتے ہیں۔

اور کمالات نبوت و حقائق سبعہ میں باصفا جمعیت اور بے رنگ لطافت پیدا ہو جاتی ہے کہ اس جگہ تجلیات ذاتیہ بے پردہ اسماء و صفات ظاہر ہوتی ہیں۔ (جیسا کہ اس کے اہل سے مخفی نہیں ہے) تمام مقامات و معارف سلوک نقشبندیہ کی تفصیل مکتوبات حضرت مجدد الف ثانیؒ میں درج ہے۔ بالفعل ان کمالات ثلاثہ اور حقائق میں بات کرنا ایک رسم سے زیادہ نہیں ہے۔ استعداد کہاں ہے اور کس کو ان بلند مقامات کی لیاقت ہے۔

ترجمہ: ''یہ غلط ہے کہ جس نے بھی سر منڈا لیا وہ قلندر بن گیا اور یہ بھی غلط ہے کہ جو آئینہ رکھے وہ سکندری جانتا ہے۔''

اس خاندان کی بشارت معمولہ کا ان کے آثار و علامات کی تحقیق کے بغیر سالک کے خارج اور باطن میں قابل شنوائی و اعتبار نہیں ہے۔

ترجمہ: ''مگر ایک چوہا خواب میں اونٹ بن گیا۔''

یہ جو تصوف میں مشہور ہے کہ طالب کو ان کیفیات کا علم ہونا ضروری نہیں، اگر علم بھی ہو تو اس علم سے مراد تفصیل احوال یا کشف احوال ہے اور اگر بالفرض طالب کے باطن میں مختلف حالات کے ورود سے کوئی تبدیلی واقع نہ ہو اور کوئی تغیر محسوس نہ کرے۔ پھر بھی طالب کے لیے لازم ہے کہ بے خطرگی اور دوام نگرانی و فنائے ہوا، فنائے ارادہ، فنائے انا ضروری ہے۔ حضرت مرزا صاحبؒ فرماتے تھے اور اپنے انتقال کے قریب اشارہ فرمایا تھا کہ جمیع مقامات مجددیہ کو مکمل سلوک عنقریب مسدود ہو جائے گا۔ فرمایا کہ تمام روئے زمین پر کوئی شخص ایسا نظر نہیں آتا جس کو ان تمام مقامات کے سلوک طے کرانے کی قوت نصیب ہو۔ محمد احسان روضۃ القیومیہ میں حضرات مجددیہؒ کے مناقب میں تحریر فرماتے ہوئے اس معنی کی نقل کرتے ہیں۔

Marfat.com

پس جذبات و کیفیات و لایات و وسعتہا و بے رنگی ہائے کمالات نبوت و دیگر مقامات گواہ صدق حصول مقامات کافی است، از وہم وخیال چہ میشود؟ بہ بشارات بے حقیقت مغرور ساختن و مردم را در غیبت انداختن چہ فائدہ نیست۔ مگر ظاہر را باتباع سنت آراستن و باطن را بدوام حضور وتوجہ بجناب الٰہی سبحانہٗ منور داشتن۔

## درویشی

درویشی چیست؟ یکساں زیستن ویکسونگریستن:

تاز قید خود پرستیہا دمے آسودے
ہچو مظہر کاش را ہے با خدا بودے ترا

اسرار توحید و جودی و احاطہ و سریان ارباب فناء قلب را کہ بہ تعمیر اوقات بوظائف عبودیت و کثرتِ ذکر بہ تربیت حضرات مشائخ بمقام جذبہ وسکر ومستی وغلبہ محبت وتجلی برقی مشرف شدہ اند، پیش می آید۔ اما توحیدے کہ بمحض مراقبہ سریاں وجود و ہمہ اوست وہوالموجود متخیل گردد استیلاء واہمہ بیش نیست، از حیز اعتبار ساقط است۔

توحید شہودی: وعلوم توحید شہودی اہلِ فناء نفس را کہ بعد حصولِ فنائے قلب در غلبات انوارِ حق بانتقاء انا وتوابع وجود استہلاک یافتہ اند۔ مکشوف می شود و در کمالات نبوت و دیگر مقامات مجددیہ کہ دوام تجلی ذاتی وتمام صحو وہشیاری است حقائق ومعارف علوم شرائع است وبس۔

ارباب توحید وجودی عالم را بحضرت حق جل وعلا نسبت اتحاد وعینیت ثابت کنند۔ واہل توحید شہودی نسبت ظلیت مقرر نمایند۔ وکسانیکہ ازین ہر دو مقام گذشتہ اند

Marfat.com

پس ولایات کے جذبات وکیفیات اور کمالات نبوت اور دیگر مقامات کی بے رنگیاں اور وسعتیں حصول مقامات کے لیے کافی سچے گواہ ہیں۔ وہم وخیال سے کیا ہوتا ہے؟ بے حقیقت بشارتوں سے مغرور بنانا اور لوگوں کو غیبت میں ڈالنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ مگر فائدہ ظاہر کو اتباع سنت سے آراستہ کرنے اور باطن کو دوام حضور اور توجہ بجناب الٰہی سبحانہٗ سے منور کرنے میں ہے۔

## درویشی

درویشی کیا ہے؟ ایک ہی حال پر زندگی گزارنا اور ایک ہر طرف دیکھنا:

ترجمہ: ”تو اپنی آرزوؤں، ارادوں اور خواہشات کے ہاتھوں خود پرستی میں مبتلا ہے۔ کاش تجھے حضرت مرزا مظہر جان جاناںؒ کی طرح وصول الی اللہ کا راستہ مل جاتا اور ماسوا کی قید سے آزاد ہو جاتا۔“

سالک ارباب فنا وقلب کو توحید وجودی واحاطہ وسریان جو کہ تعمیر اوقات کے لیے وظائف عبودیت کثرت ذکر سے حضرت مشائخ کرامؒ کی تربیت سے جذبہ وسکر ومستی وغلبہ محبت وتجلی برقی کے مقام سے مشرف ہوئے ہیں، پیش آتے ہیں۔ مگر وہ توحید جو کہ محض مراقبہ سریان وجود وہمہ اوست وھوالموجود متخیل ہوتی ہے، وہ واہمہ کے غلبہ سے زیادہ نہیں ہے اور قابل اعتبار نہیں ہے۔

**توحید شہودی:** اور توحید شہودی کے علوم اہل فنائے نفس کو کہ جو انہوں نے فنائے قلب کے حصول کے بعد انوار حق کے غلبات میں انا وتوابع وجود واستہلاک کے انتفاء میں پائے ہیں۔ کمالات نبوت ودیگر مقامات مجددیہ میں طالب تجلی ذاتی کا مورد ہے۔ سکر ختم ہو چکا ہے اب صحو وارد ہے۔ اب ہوشیاری ہے۔ شرعی علوم کے حقائق ومعارف ہیں اور بس۔

جو سالکین توحید وجودی کے مقام پر ہیں، وہ خدا تعالیٰ کے ساتھ تمام دنیا کی نسبت اتحاد وعینیت ثابت کرتے ہیں۔ اہل توحید شہودی خداوند تعالیٰ کی کائنات کے ساتھ ظلیت

Marfat.com

بہ کمالاتِ نبوت بہ تبعیت و وراثت رسیدہ اند۔ از غایت تنزیہہ مقصود را از اثبات ہر نسبت تبری فرمایند الانسبت مخلوقیت و مصنوعیت ما للتراب و رب الارباب ایں معرفت ذوقی و وجدانی است نہ تقلیدی۔ اما ظہور ایں اقسام علوم ہر سالکے را میسر نیست۔

ذالک فضل اللّٰہ یؤتیہ من یشاء واللّٰہ ذوالفضل العظیم

چہ نسبت خاک را و رب الارباب

می تواند کہ سالک بولایات وکمالات نبوت فائز شود وازیں علوم او را ہیچ نہ کشاید۔

نہ سلطان خریدار ہر بندہ ایست
نہ در زیر ہر ژندہ زندہ ایست

Marfat.com

## حاصل سیر وسلوک

اما حاصل سیر وسلوک وحصول فنا ودوام حضور وتہذیب اخلاق واخلاص تمام و رفع کلفت در ادائے احکام شریعہ بادیگر حالات بے انکشاف اسرار توحید دست می دہد۔ حضرت مجددؒ سیر وسلوک نسبت نقشبندیہ اختیار فرمودہ اند کہ بنور تشرع بسیار آراستہ است۔

ونسبت احراریہ کہ حضرت خواجہ احرارؒ از آباء کرام خود دارند قدس سرہ ومنشاء اسرار توحید وجودی است گزاشتہ کہ در آن منزلت اقدام پیش می آید۔ وآنکہ درین وقت اکثر ارباب سلوک از ذوق ووجدان ہم بہرہ تمام نہ دارند می تواند کہ از دوری زمان نبوی ﷺ ،

کی نسبت کا ہونا مقرر کرتے ہیں۔ جو لوگ ان دونوں سے گزر چکے ہیں (توحید شہودی و توحید وجودی) اور انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسّلام کی تبعیت ووراثت سے کمالات نبوت حاصل کر چکے ہیں، وہ مقصود کی غایت تنزیہہ کے پیش نظر اس سے ہر نسبت کے اثبات سے بے زاری فرماتے ہیں مگر صرف نسبت مخلوقیت ومصنوعیت یہ معرفت ذوقی اور وجدانی ہے تقلیدی نہیں۔ لیکن علوم کی ان اقسام کا ظہور ہر سالک کو میسر نہیں ہے۔ ماللتراب ورب الارباب ذالک فضل اللّٰہ یؤتیہ من یشاء واللّٰہ ذوالفضل العظیم۔

ترجمہ: ''خاک کا پتلا شان ربوبیت تک کیسے پہنچے۔ یہ خدا تعالیٰ کا فضل ہے جسے چاہے عنایت کرے۔ وہ اللہ بڑے فضل والے ہیں۔''

ترجمہ: ''خاک کے پتلے کو رب الارباب سے کیا نسبت۔''

عین ممکن ہے کہ سالک ولایت ثلاثہ وکمالات نبوت پر فائز ہو لیکن ان علوم میں سے کچھ بھی اس پر ظاہر نہ ہو۔

ترجمہ: ''سلطان ہر شخص کا خریدار نہیں ہے اور نہ ہی ہر گلیم پوش سالک صادق ہے۔''

## حاصل سیر وسلوک

مگر حاصل سیر وسلوک حصول فنا ودوام حضور وتہذیب اخلاق واخلاص تمام اور احکام شرعیہ کی ادائیگی میں تکلیف کا رفع ہونا اسرار توحید کے انکشاف کے بغیر دوسرے حالات کے ساتھ میسر آتا ہے۔ حضرت مجدد الف ثانیؒ نے نسبت نقشبندیہ اختیار فرمائی تھی کہ یہ نسبت نور شریعت سے بہت آراستہ ہے۔

**نسبت احراریہ:** خواجہ احرارؒ نے نسبت احراریہ اپنے آباؤ اجداد سے حاصل کی تھی۔ اس کا منشا اسرار توحید وجودی ہے لیکن آپ نے اسے ترک کر دیا۔ اس توحید میں اکثر سالکین کے قدم پھسل جاتے ہیں۔ اور فی زمانہ اکثر سالکین صحیح ذوق تصوف اور صحیح وجدان سے بہرہ ور ہی

Marfat.com

وقرب قیامت وفتور استعداد باشد۔ پس آنچہ بزرگان دین از معارف بیان فرمودہ اند۔ ہمہ اش حق است۔ ہر کسے را آں چہ پیش آمدہ وانمودہ است۔ تفاوت در معارف از جہت اختلاف در مقامات الٰہی راہ یافتہ۔ معاذ اللہ کہ کذب را مد خلے باشد تا کسے تکذیب صدیقان نماید۔

اما تغلیط وجودیہ اہل توحید شہودی را چنانکہ گویند زعمت طائفة ان التوحید شہودی لا وجودی فما وصلو الٰی حقیقة المقام از عدم ظہور معارف مقامے است کہ در آنجا علوم توحید شہودی منکشف می شود۔

واین مشرب صافی از ظاہر نصوص روشن وبکشف کمل تابعان کہ از سکر و شطح بر آمدہ از صحو و ہوشیاری کہ مشرب انبیاء است علیہم الصلوٰة والسلام حظ وافر دارند مبرھن است۔ ہیچ شنیدی کہ کسے از صحابہ کرام کہ افضل از اولیاء عظام اند بہ ہمہ اوست گویا شدہ باشد۔

عبارات را بر مشرب خود فرود آوردن از غلبہ حال است، ہم چنین تطبیق معارف مختلفہ باہم از قوت تاویل عبارات است تا اختلاف از میان برخیزد۔

والا اتحاد مقتضیات متباینہ مقامات مختلفہ چگونہ صورت پزیرد و اگر عبارات بتاویل متحد نمایند حالات واذواق مقامات متفاوتہ کے یکے مے شود۔
اگر گوئی ہوائے زمستان و تابستان در نفس ہوائیت یکے است، برودت و حرارت ہوا متحد نہ تواند شد۔

Marfat.com

نہیں۔اس کی وجوہات یہ ہیں: (۱) دوری زمانہ نبی ﷺ (۲) قرب قیامت (۳) استعداد کی کمی۔ (جاننا چاہیے) کہ جو کچھ بھی معارف بزرگان دین نے بیان فرمائے ہیں، سب حق ہیں۔جس کو جو کچھ پیش آیا اس نے ظاہر فرما دیا۔بیان معارف میں اختلاف کی وجہ یہ نہیں کہ کسی نے خدانخواستہ جھوٹ کہا، بلکہ اس کی وجہ سالکین کے راستہ اور مقامات کا اختلاف ہے۔کذب کا معاذ اللہ یہاں گزر نہیں۔کسی کے لیے یہ روا نہیں کہ ان صدیقین کی تکذیب کا مرتکب ہو۔

وجودیہ اہلِ توحید کو غلطی پر بتاتے ہیں، چنانچہ کہتے ہیں زعمت طائفة ان التوحید شهودی لا وجودی فما وصلو الی حقیقة المقام۔اس کی وجہ یہ ہے کہ وجودیہ پر ان مقامات کے معارف کا ظہور ہی نہیں ہوا جہاں توحید شہودی کے علوم منکشف ہوتے ہیں۔لہٰذا توحید شہودی کی تغلیط کرتے ہیں۔

مگر توحید شہودی نصوص روشن سے ثابت ہے۔سالکین کاملین جو سکر سے ''صحو'' و ہوشیاری کے مقام سے سرفراز ہوئے اور مشرب انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام سے مشرف ہوئے، ان کے کشف سے ثابت ہے کہ یہ سب حضرات توحید شہودی سے بہرہ ور ہوئے اور اس مقام سے حظ وافر حاصل کیا۔کیا کسی نے سنا ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے جو تمام اولیاء سے افضل ہیں، کبھی ہمہ اوست کہا ہو اور توحید وجودی کا ذکر کیا ہو۔

اکابر کی مختلف عبارات کا مفہوم اپنے مشرب (طریقہ ووجدان ذہن تجربہ) کے مطابق بیان کرنا، غلبہ حال کے باعث ہے، اسی طرح قیاس کر لیجیے۔اسی طرح مختلف معارف کی آپس میں تطبیق عبارات کی تاویل کی قوت سے کی گئی ہے تاکہ درمیان سے اختلاف ہٹ جائے۔

وگرنہ مقتضیات متباینہ اور مقامات مختلفہ کا اتحاد کیسے ممکن ہے؟ اگر عبارات مختلفہ کی تطبیق تاویل سے کر بھی لیں پھر بھی مقامات مختلفہ کے حالات واذواق ایک کیسے ہو سکتے ہیں۔

اگر تو کہے کہ موسم سرما اور موسم گرما کی ہوا نفس ہوائیت میں ایک ہے، لیکن پھر سوال پیدا ہوتا ہے کہ ان دونوں ہواؤں کی حرارت وبرودت متحد نہیں کی جا سکتی۔

Marfat.com

بایں ہمہ علوم و معارف ہر مقام جدا است و انوار و فیوض ہر مرتبہ جدا۔ پس ایں ہمہ تطبیق از قوت ملکہ مقال بود، نہ از غلبہ واردات حال، والعلم عنداللہ۔ تحریر و تقریر سخن بزرگان در خود لیاقت ایں بے سروسامان نیست۔

حرف درویشاں بدزدد او مرد دون
تا بخواند بر سلیمے زاں فسون

اما از تعطشے کہ باحوال بزرگان دارد، سخنے چند از کلام عزیزان النقاط نمود۔ لعل اللہ یرزقنی صلاحاً۔

گرندارم از شکر جز نام بہر
زان بسے خوشتر کہ اندر کام زہر

اگر طالبے بیاید تکرار استخارہ موافق حدیث شریف یا شہادت قبول قلب در بارہ او ضرور است۔ و درین افادہ جز اشتراک در فیوض یک دیگر منظور نہ باشد تا فائدہ بران مترتب شود۔ بعد تلقین توبہ استغفار ذکر اسم ذات می فرمایند و توجہ نمایند دل خود را مقابل دل او نمودہ ہمت القاء ذکر کنند تا دلش ذاکر شود و حرکت درو پیدا آید۔

کسے کہ دلش متاثر نشود بوقوف قلبی پردازد۔

و ہم چنین ہر لطیفہ خود را برابر لطیفہ او داشتہ توجہ القائے ذکر باید نمود۔ ہر لطیفہ را جدا جدا چند روز توجہ نمایند تا لطائف سبعہ بفضل الٰہی گویا بذکر خدا گردد۔

پس بذکر نفی و اثبات و مراقبہ احدیت صرفہ ارشاد نمایند و ہموارہ بر دل او توجہ

Marfat.com

اس کے باوجود ہر مقام کے علوم ومعارف جدا جدا ہیں۔ ہر مرتبہ کے انوار وفیوض جدا جدا ہیں۔ پس یہ ساری تطبیق اس کی قالی فنکاری کی قوت سے ہے، نہ کہ حال کے واردات کے غلبہ سے، والعلم عنداللہ۔ ان اکابر بزرگان کی تحریر وتقریر پر بات کرنا مجھ جیسے بے سروسامان کی لیاقت سے باہر ہے۔

ترجمہ: ''کمینہ آدمی درویشوں کے حرف چوری کرتا ہے تا کہ کسی
سلامتی والے پر اس کا فسوں پڑے۔''

لیکن چونکہ مجھ مسکین کو احوال بزرگاں کی پیاس ہے، لہٰذا ان اکابر کی چند باتیں لکھ رہا ہوں۔ **لعل اللّٰہ یرزقنی صلاحاً۔**

ترجمہ: ''اگر میں مٹھاس کے نام سے بہرہ ور نہیں تو اس سے بہتر ہے
کہ میں منہ میں زہر بھروں۔''

**صفت سلوک:** اگر کوئی طالب علم بیعت ہونے کے لیے آئے تو مرشد کے لیے حدیث پاک کے مطابق استخارہ کا تکرار ضروری ہے۔ یا اگر استخارہ نہ کر سکے تو دل سے شہادت طلب کرے کہ یہ بھی کافی ہے اور اس میں ایک دوسرے کے فیوض میں اشتراک کے بغیر فائدہ منظور نہیں ہوتا اور اسی طرح اس پر فائدہ مترتب ہوتا ہے۔ اس کے بعد مرشد مرید کو توبہ واستغفار کی تلقین کرے، اسم ذات کے ذکر کا طریقہ بتائے، توجہ کرے اور مرید کا دل کو اپنے دل کے مقابل رکھ کر ہمت کرے اور اس کے دل میں القائے ذکر کرے تا کہ اس کا دل ذاکر ہو جائے اور اس میں حرکت پیدا ہو جائے۔

اگر کسی کا دل القائے ذکر سے متاثر نہ ہو تو اس کو وقوف قلبی میں مشغول کرنا چاہیے۔

اس طرح لطیفہ قلبی کے جاری ہونے کے بعد مرشد مرید کے ہر لطیفہ پر باری باری توجہ کرے اور القائے ذکر کرے۔ ہر لطیفہ کی طرف جدا جدا چند روز توجہ کرے۔ حتیٰ کہ ساتوں لطائف بفضل اللہ تعالیٰ ذکر کرنے لگ جائیں۔

اس کے بعد شیخ مرید کو نفی واثبات کا ذکر تلقین کرے اور مراقبہ احدیت صرفہ اس کو

Marfat.com

القائے انوار نسبت کہ از بزرگان رسیدہ است وجذبے بفوق نمودہ باشند انشاء اللہ تعالیٰ۔ در چند روز دل سالک نورانی گردد و دریں ضمن دیگر لطائف نیز متلون بانوار می شود۔

رنگ نور قلب زرد و رنگ نور روح سرخ و رنگ نور سر سفید و رنگ نور خفی سیاہ و رنگ نور اخفیٰ سبز و رنگ لطیفہ نفس بے رنگ است و ازیں رنگ ہا در و منعکس مے شود۔

و دیدن انوار مقصود نیست، انوار بیرونی چہ کمی دارد کہ کسے سعی برائے تماشہ انوار درونی نماید و منامات و واقعات جز مبشرات نیستند:

نہ شبم نہ شب پرستم کہ حدیث خواب گویم
چو غلام آفتابم ہمہ ز آفتاب گویم

## رویت باری تعالیٰ و زیارت آنحضرت ﷺ

از اجلہ واقعات رویت باری تعالیٰ و زیارت آنحضرت ﷺ است اگر از شائبہ وہم و خیال مبرا باشد۔ وجہ اشتباہ حقیقت بموہوم آنکہ لمعان انوار ذکر یا محبت و اخلاص یا مناسبت استعداد بجناب آنحضرت ﷺ یا رضائے مرشد یا نسبت باطنی او یا کثرت درود یا خواندن بعضے اسما یا احیائے سنت یا ترک بدعت یا خدمت سادات یا توغل بعلم حدیث بصورت آں حضرت ﷺ متصور می شود۔ پندارد کہ بشرف زیارت مشرف شدہ است۔ و آنچناں نیست، بلکہ بہ نمے از اں دریائے رحمت سیراب شدہ۔

ازیں است کہ بصورت مختلفہ آں حضرت ﷺ را می بینند اگر صورت مبارک ﷺ کہ در مدینہ منورہ موجود است و صاحب شمائل آنرا بیان نمودہ بیند، البتہ سعادتیست بزرگ و

Marfat.com

بتائے اور ہمیشہ مرید کے دل پر اس کے انوار القاء کرے جو نسبت شیخ کو بزرگوں سے ورثہ میں ملی ہے۔ جذبہ فوق سے انشاء اللہ ظاہر ہوگا۔ اور چند روز میں سالک کا دل نورانی ہو جائے گا۔ اس ضمن میں دیگر لطائف بھی انوار سے رنگین ہو جاتے ہیں۔

قلب کے نور کا رنگ زرد ہے، روح کے نور کا رنگ سرخ ہے، سر کے نور کا رنگ سفید ہے، لطیفہ خفی کے نور کا رنگ سیاہ ہے، لطیفہ اخفیٰ کا رنگ سبز ہے، لطیفہ نفس بے رنگ ہے اور یہ تمام رنگ ہائے انوار سالک کے باطن میں منعکس ہوتے ہیں۔

یاد رکھنا چاہیے کہ انوار کا دیکھنا مقصود نہیں ہے۔ انسان کے باہر کائنات میں کیا تھوڑے انوار ہیں کہ انسان باطنی انوار کے تماشہ میں لگ جائے۔ خواب اور واقعات بشارتوں کے سوا اور کوئی حقیقت نہیں رکھتے۔

ترجمہ: ''نہ میں رات ہوں اور نہ رات کا پجاری ہوں کہ خواب کی بات کہوں۔ جب میں آفتاب کا غلام ہوں، سب کچھ آفتاب سے کہتا ہوں۔''

## رؤیت باری تعالیٰ وزیارت آنحضرت ﷺ

**رؤیت۔ زیارت۔ کشف:** اعلیٰ واقعات میں سے رؤیت باری تعالیٰ اور زیارت آنحضرت ﷺ ہے، اگر وہم وخیال سے مبرّا ہو۔ حقیقت کے موہوم سے اشتباہ کی وجہ وہ ہے کہ ذکر کے انوار کی چمک یا جناب آنحضرت ﷺ سے محبت واخلاص یا مناسبت استعداد یا مرشد کی رضا یا اس کی نسبت باطنی یا کثرت درود یا بعضے اسماء کا پڑھنا یا سنت کا زندہ کرنا یا بدعت کا ترک کرنا یا سادات کی خدمت کرنا یا حدیث کے علم میں انتہائی مشغولیت آنحضرت ﷺ کی صورت مبارک میں متصور رہوتی ہے۔ آدمی سمجھتا ہے کہ زیارت کے شرف سے مشرف ہوگیا ہے اور ایسا نہیں ہے، بلکہ اس دریائے رحمت کی نمی سے سیراب ہوا۔

یہی وجہ ہے کہ مختلف صورت میں آنحضرت ﷺ کو دیکھتے ہیں۔ اگر وہ صورت مبارک جو کہ مدینہ منورہ میں موجود ہے اور صاحب شمائل نے اس کو بیان کیا ہے، دیکھے تو بڑی

موجب ترقی در باطن واز دیاد توفیق می شود والا اوّل بوھم وخیال خوش می شود۔ وہم بریں قیاس است زیارت ارواح طیبہ مشائخ کبار رحمۃ اللہ علیہم وھم چنیں صحت کشف کو نیات بسیار متعذر است۔

معتقد و متخیل خود یا خبرے مشہور کہ در مردم قرار یافتہ۔ یا معاملہ عمرو بصورت معاملہ زید۔ یا القاء شیطانی یا ہواء نفسانی در مرآت خیال منعکس مے شود۔ پندارد کہ صورت عمرو در عالم مثال دیدہ است وگاہے از شروط وقوع امر معلوم نمی شود، لہٰذا غلط واقع می شود۔

پس راہ رضا و تسلیم پیش گرفتہ متوجہ بجناب احدیت باید شد و با این و آن نباید پرداخت وافوض امری الی اللہ ان اللہ بصیر بالعباد وسعی باید نمود وجانے باید کند تا شاہد مقصود از گوش باغوش برسد۔ شہودے کہ جان را پیش از گرفتاری بہ بدن بود و در ظلمات جسمانی آں را گم نمودہ پیدا باید کرد و کسے را کہ بہ عنایت کشف می نوازند۔ انوار و سیر خود را بہ نظر بصیرت مشاہدہ می نماید والا جمعیت خاطر و توجہ بقلب ونگرانی بمبدء فیاض رفتہ رفتہ ترقی می یابد۔ در چند مدت لطیفہ قلب منور شدہ از قالب می برآید۔ ارباب وجدان را جذب وکشش لطائف مدرک می شود کہ سلوک عبارت از رفتن است ورفتن متضمن است جذب را وچوں لطیفہ قلب از قالب برآید کسے را از قلب بہ بالا راہے کشادہ وکسے را مثل قبہ نور منارہ بالائے سرا ستادہ دریافت می شود۔

گاہے حالت عروج کہ دل را بجانب فوق کشان وگاہے حالت نزول کہ گویا قلب را بجہت تحت رواں می یابد تا آنکہ تدریجاً لطیفہ قلب را باصل خود کہ آں را قلب کبیر وحقیقت جامعہ انسانی گویند وبالائے عرش مجید است واصل ومتحد می یابد۔ خیال نہ کنی کہ این جا قلب را فنا حاصل شد۔ ایں از مغالطہ کشفی است تا ایں جا نصف دائرہ

Marfat.com

سعادت ہے اور باطن میں ترقی اور توفیق میں زیادتی کا موجب ہوتی ہے۔ وگرنہ دل وہم و خیال سے خوش ہوتا ہے اور اس طرح زیارت ارواح طیبہ مشائخ کبار رحمۃ اللہ علیہم کو قیاس کرے۔ اسی طرح کشف کونیات کی صحت بہت قابل عذر ہے۔

اپنے معتقد و متخیل کو یا خبر مشہور کہ جو لوگوں میں پھیل گئی ہو یا معاملہ عمرو بصورت معاملہ زید یا القائے شیطانی یا ہوائے نفسانی خیال کے آئینے میں منعکس ہو جاتا ہے۔ آدمی سمجھتا ہے کہ عمرو کی صورت کو اس نے عالم مثال میں دیکھا ہے اور کبھی بھی اس امر کے وقوع کی شرطیں معلوم نہیں ہوتیں، لہٰذا غلط واقع ہو جاتا ہے۔

پس رضا و تسلیم کے راستے کو پیش نظر رکھتے ہوئے جناب احدیت باری تعالیٰ میں متوجہ ہو جانا چاہیے اور اس میں مشغول نہیں ہونا چاہیے۔ وافوض امری الی اللّٰہ. ان اللّٰہ بصیر بالعباد۔ (الایۃ) ''میں اپنے تمام کام اللہ تعالیٰ کو تفویض کرتا ہوں۔ تحقیق، اللہ تعالیٰ عباد کا دیکھنے جاننے والا ہے۔'' اور کوشش کرنی چاہیے اور جانفشانی کرنی چاہیے تاکہ مقصود حاصل ہو جائے۔ وہ شہود جو کہ جان کو بدن سے گرفتاری سے پہلے حاصل تھا اور اس کو جسمانی اندھیروں میں گم کر دیا گیا تھا، ظاہر کر دینا چاہیے۔ جس کسی کو کشف کی عنایت سے نوازتے ہیں، وہ اپنے انوار و سیر کو بصیرت کی نظر سے مشاہدہ کرتا ہے، وگرنہ جمعیت خاطر توجہ و قلب و نگرانی بہ مبدء فیاض رفتہ رفتہ ترقی پاتے ہیں۔ تھوڑی مدت میں لطیفہ قلب منور ہو کر قالب سے باہر آ جاتا ہے۔ ارباب وجدان کو جذب و کشش لطائف کا ادراک ہو جاتا ہے۔ کیونکہ سلوک جانے سے عبارت ہے اور جانا جذب کا متضمن ہے اور جب لطیفہ قلب قالب سے باہر آتا ہے، کسی کو قلب سے اوپر راہ کشادہ اور کسی کو مثل قبہ نور منارہ سر کے اوپر کھڑا ادراک ہوتا ہے۔

سالک پر کبھی عروج کی حالت طاری ہے کہ قلب اوپر کی طرف کھنچا چلا جا رہا ہے، کبھی نزول کی حالت ہے کہ قلب نیچے کی طرف کھنچتا ہوا محسوس ہوتا ہے۔ (بفضل اللہ تعالیٰ ایسا ہوتا ہے) کہ سالک اپنے لطیفہ قلب کو اپنے قلب کی اصل میں جسے قلب کبیر اور حقیقت جامعہ انسانی کہتے ہیں اور جو عرش مجید ہے واصل اور متحد پاتا ہے۔ سالک کو اس مقام پر یہ

Marfat.com

امکان و سیر آفاقی تمام می شود و نصف دیگر کہ عبارت از سیر در عالم امر است و بہ لامکانیت موصوف ھنوز در پیش است۔

بعد اتمام دائرہ امکان و سیر در ولایت صغریٰ قلب را صورت فنا حاصل مے شود کسے کہ از غلطی کشفی رسیدن۔ بقلب کبیر را حصول فنا و سیر در اصول لطائف را ولایت کبریٰ وفنائے نفس داند ظاہر است کہ مستفیدان اوراز کیفیات وجذبات ودیگر احوال کہ در ولایت صغریٰ پیش مے آید ورسیدن بایں ولایت شرط است۔ وصول ولایت کبریٰ راچہ حاصل خواہد بود۔ محض بخمول۔ درکوہ ایام گزاری نمودہ اند فنا کو بولایت کجا اللہ تعالیٰ مراد ایشاں را بجذبات فضل عمیم خود بمقامات ارباب تحقیق رساند۔ آمین۔

چوں بجذبات عنایت الٰہی وتوجہات مشائخ ہر دو قوس دائرہ امکان تمام شود (و دریافت تمامیت سیر موقوف بر کشف صریح یا وجدان صحیح است و علامت آن حصول حالت دوام حضور است۔ در بیداری وخواب یا بعضے از دیگر کیفیات) سیر در ولایت صغریٰ پیش می آید وجذبات قویہ ودیگر حالات واسرار نقد وقت می شود۔ ونور این ولایت مشابہ بنور ماہتاب است۔

دریں مقام چوں رسوخ وقوت پیدا کند، قابل اجازت مقیدہ می شود و در ولایت کبریٰ کہ نور آں مشابہ آفتاب نیم روز است اجازت مطلقہ می فرمایند۔

## حقیقت فنا وبقا

بعد حصول فناء بقا بر ہر خاطرے کہ متوجہ می شود۔ اللہ تعالیٰ آں را سرانجام می

Marfat.com

خیال نہیں کرنا چاہیے کہ اب اس کو فنائے قلب نصیب ہو گئی ہے، یہ ایک کشفی مغالطہ ہے۔ اس مقام تک تو نصف دائرہ امکان اور سیر آفاقی ختم ہوتی ہے۔ اور نصف دیگر جو عالم امر کی سیر پر مشتمل ہے اور بلا مکانیت موصوف ہے، وہ ابھی باقی ہے۔

دائرہ امکان کی سیر کے ختم ہونے کے بعد ولایت صغریٰ میں قلب کو صورت فنا نصیب ہو جاتی ہے۔ جو شخص کشفی غلطی سے قلب کبیر تک پہنچنے کو حصول فنا و اصول لطائف میں سیر کو ولایت کبریٰ و فنائے نفس جانتا ہے، ظاہر ہے کہ اس کے مستفیدوں کو ان کیفیات و جذبات و دیگر احوال سے جو کہ ولایت صغریٰ میں پیش آتے ہیں اور اس ولایت کو پہنچنا ولایت کبریٰ کے حصول کی شرط ہے، کیا حاصل ہو گا۔ محض پہاڑ کی گمنامی میں ایام گزاری کرتے ہیں۔ فنا کس کی اور ولایت کہاں۔ اللہ تعالیٰ ان کی مراد کو اپنے فضلِ عمیم کے جذبات سے ارباب تحقیق کے مقامات تک پہنچائے۔ آمین۔

جب اللہ تعالیٰ کی عنایت شامل حال ہوتی ہے اور شیخ کامل کی توجہ میسر ہوتی ہے تو دائرہ امکان کی ہر دو قوس کی سیر تمام ہو جاتی ہے اور سالک کو اس سیر کی تمامیت کا پتہ کشف صریح یا وجدان صریح سے ہوتا ہے۔ اس مقام کے حصول کی ظاہری علامت یہ ہے کہ سالک کو خدا تعالیٰ کے دربار کی دائمی حاضری نصیب ہو جاتی ہے۔ بیداری و خواب میں دوام حضور مع اللہ نصیب ہو جاتا ہے۔ ولایت صغریٰ کی دوسری کیفیات حالات اور جذبات قویہ بھی اس کی علامات ہیں اور دوسرے حالات و اسرار بھی منکشف ہوتے ہیں اور اس ولایت کا نور چاند کے نور سے مشابہ ہے۔

اس مقام پر جب رسوخ اور قوت پیدا کرتا ہے تو سالک قابل اجازت مقیدہ ہو جاتا ہے۔ ولایت کبریٰ جس کا نور دوپہر کے سورج کی مانند ہے، کے حاصل ہونے پر اجازت مطلقہ فرما دیتے ہیں۔

## حقیقت فنا و بقا

**حقیقت فنا و بقا کے نتائج:** حصول حقیقت فنا و بقا کے بعد سالک جس خاطر پر متوجہ ہوتا

Marfat.com

فرماید۔پس برائے القائے توبہ بر کسے کہ بر شریعت استوار نیست۔ متوجہ حال او بودہ ہمت نمایند کہ ملکہ صلاحیت کہ نفس شمارا بفضل الٰہی راسخ شدہ در نفس او حاصل شود، ہم چنیں چند وقت متوجہ باشند یا خود را ہماں کس گناہگار در خیال خود تصور نمودہ چند روز توبہ و استغفار نمایند۔ انشاءاللہ تعالیٰ بر شریعت ثابت گردد۔ وبجہت حال مشکلات آنچہ مقصود است در لحاظ داشتہ ہمت نمایند تا مطلوب حاصل گردد۔ مریض را صحیح وتندرست ملحوظ نمودہ ہمت نمایند یا قصدِ ازالہ مرض فرمایند تا بفضل الٰہی شفا یابد۔

دریافت خواطرِ باطن غیر کسے را کہ صید دل بے خطرہ باصفا حاصل است، چنداں متعذر نیست۔ بعد مقابل داشتن دل بدل غیر متوجہ بوجدان خود شوند۔ ہر خطرہ کہ در دل قرار گیرد خطرہ از باطن اوست۔ وخواطر کہ در باطن مے آید۔ بر اقسام است از چپائے دل۔ بطول امل وتسویف عمل وجرأت بر گناہ وغرور مغفرت الٰہی خطرہ شیطانی است۔ واز راستائے دل وبطاعت وذکر وامر خیر خطرہ ملکی است واز بالائے دل بخودی وخود آرائی وعار وننگ خطرہ نفسانی است۔

واز فوق ہمہ بترک مقامات وحالات نیز خطرہ رحمانی است برائے دریافت امور مغیبہ باعالم مثال وملاء اعلیٰ تطلع نمایند۔ درغیبت یا درخواب چیزے واضح خواہد شد۔ اما حکم بعد تکرار توجہات نمایند برائے ادراک باطن اہل اللہ دل خودرا۔ از حالتے کہ دارد خالی تصور نمودہ مقابل دل آں بزرگ دارند ہر حالتے کہ در باطن پیدا شود انعکاس احوال شریفہ اوست اکثر از ارباب۔

## ادراک باطن اہل اللہ

اکثر از اربابِ خاندان چشتیہ حرارت وشوق واز بزرگان قادریہ صفا ولمعان و

Marfat.com

ہے، اللہ تعالیٰ اس کو سرانجام فرما دیتا ہے۔ پس کسی ایسے شخص پر جو کہ شریعت پر پختہ نہیں ہے، القائے توبہ کے لیے اس کے حال پر متوجہ ہو کر ہمت کریں تا کہ صلاحیت کا ملکہ جو کہ فضل الٰہی سے تمہارے نفس پر راسخ ہو چکا ہے، اس کے نفس کو حاصل ہو جائے۔ اسی طرح چند بار متوجہ ہوں یا اپنے آپ کو وہی گناہ گار آدمی اپنے خیال میں تصور کر کے چند روز توبہ و استغفار کریں، انشاء اللہ تعالیٰ شریعت پر قائم ہو جائے گا اور مشکلات کے حل کی طرف جو کہ مقصود ہے اس کا لحاظ رکھتے ہوئے ہمت کریں تا کہ مطلوب حاصل ہو جائے۔ مریض کو صحیح اور تندرست ملحوظ رکھتے ہوئے ہمت کریں یا اس کے مرض کے ازالہ کا قصد فرمائیں تا کہ فضل الٰہی سے شفا پائے۔

کسی غیر کے باطنی خیال کو دریافت کرنے کے لیے جس کو دل کا شکار بے خطرہ باصفا حاصل ہے، اس کے لیے اتنا مشکل نہیں ہے۔ غیر کے دل کے مقابل اپنے دل کو متوجہ کرے۔ ہر خطرہ جو دل میں قرار پائے وہ غیر کے باطن کا ہے اور جو خطرات باطن میں آتے ہیں کئی قسموں پر ہیں۔ دل کے بائیں طرف سے آنے والا خطرہ طول امل و تسویف عمل اور گناہ پر جرأت اور اللہ تعالیٰ کی بخشش کا غرور، یہ خطرہ شیطانی ہے اور دل کے دائیں طرف سے آنے والا خطرہ طاعت و ذکر و امر خیر کی صورت میں خطرہ ملکی ہے اور اپنے دل کے اوپر سے آنے والا خطرہ خودی اور خود آرائی و عار و ننگ کی وجہ سے خطرہ نفسانی ہے۔

اور اوپر سے آنے والا خطرہ ہر چیز کو ترک کرنے اور مقامات و حالات کے ترک کرنے کی وجہ سے خطرہ رحمانی ہے۔ عالم مثال میں امور غیبی کے دریافت کے لیے ملائکہ مطلع کرتے ہیں۔ غیب میں یا خواب میں کوئی چیز واضح ہو جائے گی مگر حکم بار بار توجہات کے بعد صادر کریں۔ اہل اللہ کے باطن کے ادراک کے لیے اپنے آپ کو موجودہ حالت سے خالی تصور کر کے اس بزرگ کے دل کے مقابل رکھیں جو حالت باطن میں پیدا ہو۔ اس بزرگ کے احوال شریفہ کا عکس ہے۔

## ادراک باطن اہل اللہ

خاندان چشتیہ کے اکثر ارباب سے حرارت و شوق اور بزرگان قادریہ سے صفا و

Marfat.com

ازاکابرِ نقشبندیہ بےخودی واطمینان مدرک می شود۔ واحوالِ بزرگان سہروردیہ مشابہت بحالات نقشبندیہ دارد، قدس اللہ اسرارہم اجمعین ۔فیض نسبتِ اہل اللہ مثلِ نورِ خورشید از روزنے می تابد یا مانند اَبرے کہ محیط گردد یا مانند خنکے ے وزد یا مانند باراں یا مانند آب رواں یا مانند چادر باریک کہ تمام بدن را شامل گردد یا مانند شبنم لطیف مدرک می شود واہل ادراک را احوال ارباب قلب برقلب باذوق وشوق وحرارت محبت ونسبت اہل ولایت کبریٰ برلطیفہ نفس نیز باطمینان واستہلاک واضمحلال ظاہر شود، بلکہ تمام بدن را درگیرد۔ ونسبت ارباب کمالات نبوت و دیگر مقامات مجددیہ بلطافت و بے رنگی و وسعت تمام لطائف را محیط ے شود، بلکہ از ادراک آن نزدیک است کہ نزدیکان دوری نمایند تابدوراں چہ رسد لہٰذا از غایت لطافت و بے رنگی از نسبت ایں خاندان شریف مردم اعراض نمودہ طلب نسبتے کہ ذوق وشوق دارد۔ وناشی از مقام قلب وتجلی افعالی است ے نمایند وندانند کہ ایں لطافت ھا از کجا است وحال آں کہ در، وسطِ راہ درین طریقہ شریفہ اذواق واشواق عجیبہ وجذبات غریبہ درپیش می آید واحوال اہل ایں طریقہ استمراری است وکمل ایں طریقہ را در مقام تجلی ذاتی دائمی بے پردہ اسماء وصفات ودرجات آن قدم گاہ است راسخ۔ پس بے رنگی وغایت لطافت ووصف نسبت باطنی ایشاں آمد کہ دست ادراک ازاں کوتاہ گشت، نارسیدگان گویند کہ در صحبتِ ایشاں جمعیت مائی وصفائی حاصل است۔

وکسے را کہ دریں طریقہ سیر بمرتبہ ظلال اسماء وصفات یا تجلی صفاتی است، البتہ تاثیر توجہ اور بہ کیفیت تیز وقوت مدرک شود۔ پندارد کہ باطن ایشاں قوی است نے، بلکہ رسیدگان بدوام ۔تجلی ذاتی درافاضہ فیوض وبرکات شانے عظیم دارند۔ ومستفیدان ایشاں دراندک مدت حرارت وشوق وحضور پیدا کنند۔ھو الذی جعل لکم من

لمعان اور اکابر نقشبندیہ سے بے خودی واطمینان ادراک میں آتا ہے اور بزرگان سہروردیہ کے احوال نقشبندیہ حضرات کے مشابہ ہیں، قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم اجمعین۔ اہل اللہ کی نسبت کا فیض سورج کے نور کی طرح سوراخ میں چمکتا معلوم ہوتا ہے۔ یا یوں سمجھئے کہ اہل اللہ کی نسبت کا فیض یوں ہے کہ بادل چھایا ہوا ہو یا ٹھنڈی ہوا چل رہی ہو یا بارش ہو رہی ہو یا پانی چل رہا ہو یا باریک چادر ہو جس میں بدن لپٹا ہو یا مانند جسم لطیف، ادراک میں آتی ہے۔ اہلِ ادراک کو اربابِ قلب کے احوال قلب پر ذوق وشوق وحرارت ومحبت و نسبت، اہلِ ولایتِ کبریٰ کو لطیفہ نفس پر نیز اطمینان واستہلاک واضمحلال ظاہر ہوتا ہے، بلکہ تمام بدن پر چھا جاتا ہے اور کمالاتِ نبوت ودیگر مقامات مجددیہ کی نسبت لطافت وبے رنگی ووسعت کے ساتھ تمام لطافت کو محیط ہو جاتی ہے، بلکہ ادراک سے وہ نزدیک ہے کہ جو نزدیکاں دور نظر آتے ہیں۔ دور رہنے کا تو معاملہ ہی کچھ اور ہے، لہٰذا اس خاندان شریف کی نسبت کی انتہائی لطافت اور بے رنگی کی وجہ سے لوگ کنارہ کش رہتے ہیں۔ اس نسبت کو طلب کرتے ہیں کہ جو ذوق وشوق رکھتی ہے اور قلب اور تجلی افعالی کے مقام سے ناشی ہے اور وہ نہیں جانتے کہ یہ لطافتیں کہاں سے ہیں، حالانکہ اس طریقہ پاک کے راستے کی وسط میں اذواق واشواق عجیبہ وجذبات غریبہ پیش آتے ہیں۔ اور ان اہل طریقہ کے احوال دائمی ہیں اور اس طریقہ کے کامل ترین حضرات کو مقام تجلی ذاتی ودائمی بے پردہ اسماء وصفات اور ان کے درجات میں راسخ قدم گاہ ہے۔ پس بے رنگی وانتہائی لطافت ان کی نسبت باطنی کا وصف ہو گیا کہ ادراک کا ہاتھ اس تک نہیں پہنچ سکتا۔ جو لوگ واصل نہیں ہیں کہتے ہیں کہ ان کی صحبت میں جمعیت اور صفائی حاصل ہوتی ہے۔

اور جس کسی کو اس طریقہ میں سیر مرتبہ ظلال اسماء وصفات یا تجلی صفاتی میں حاصل ہے، البتہ اس کی توجہ کی تاثیر یا کیفیت وقوت ادراک میں آتی ہے۔ سمجھتے ہیں کہ ان کا باطن قوی ہے، نہیں، بلکہ دائمی تجلی ذاتی کے واصل فیوض وبرکات کے افاضہ میں عظیم شان رکھتے ہیں اور ان کے مستفید لوگوں میں تھوڑی مدت میں حرارت وشوق وحضور پیدا ہو جاتا ہے۔

Marfat.com

الشجر الاخضر ناراً۔

در نیابد حال پختہ ہیچ خام
پس سخن کوتاہ باید والسلام

درطرق دیگر کہ از کثرت ذکر جہر وحبس نفس واشغال سماع حرارت قلبی وشوق و ذوق اکثر ظاہر شود وکیفیاتے کہ درمقامِ جذبہ نقشبندیہ وحصول فنا حاصل گردد در ہر دو قسم حالات فرق ھا است۔ ایں جا وسعتِ نسبتِ باطن ودوام حضور وکثرت انوار وبرکات نقد وقت است۔ وتوحید حالی بے استیلائے وہم ظاہر شود۔

وآں جا محض حرارت وتپش قلبی است کہ از بعض عوارض لاحق گردیدہ است اگر حالت توحید است از غلبہ واہمہ ومراقبہ توحید است اما اگر ایں نسبت شریفہ نقشبندیہ فنا و بقا برسد۔ اکسیر اعظم است۔ در احیاء دل ھائے طالبان راہ خدا۔

تا یار کرا خواہد ومیلش بہ کہ باشد

بدانکہ از کثرت مراقبہ کہ آن عبارت از نگہبانی دل از خواطر وانتظار فیض الٰہی است، در نسبت باطن عمقے وقوتے پیدا شود واز کثرت ذکر تہلیل کہ آن عبارت از نفی ہستی خود وہستی جمیع موجودات واثبات ہستی حق تعالیٰ است بارعایت شروط مقررہ فنا ونیستی قوی گردد واز کثرت تلاوت قرآن مجید نورانیت وصفا واز کثرت استغفار ونماز

Marfat.com

ھو الذی جعل لکم من الشجر الاخضر ناراً۔ ترجمہ: ''جس نے بنادی تم کو سبز درخت سے آگ۔''

ترجمہ: ''کچے آدمی سے پختگی کا کام سر نہیں آتا۔ یعنی ناتمام سالک سے مکمل فیض نہیں مل سکتا۔ بس بات مختصر یہی ہے کہ پیر پختہ چاہیے جس سے تکمیل ہو سکے۔ والسلام۔''

خاندان عالیہ نقشبندیہ کے علاوہ دیگر سلاسل میں کثرت ذکر جہر، حبس نفس اور سماع وغیرہ سے اکثر کیفیت وحالات ظاہر ہوتے ہیں جو خاندان نقشبندیہ میں مقام جذبہ وفنائے قلب کے مقام پر حاصل ہوتے ہیں، لیکن دونوں میں فرق ہے۔ (خاندان نقشبندیہ میں جو کیفیات پیدا ہوتی ہیں وہ یہ ہیں:) ا۔ وسعت باطن، ۲۔ دوام حضور، ۳۔ کثرت انوار، ۴۔ توحید حالی، جس میں وہم وگمان کا شائبہ تک نہ ہو۔

دوسرے طریقوں میں کہ کثرت ذکر وحبس نفس واشغال، سماع، حرارت قلبی و ذوق و شوق اکثر ظاہر ہوتا ہے اور وہ کیفیات جو مقام جذبہ نقشبندیہ حصول فنا میں حاصل ہوتی ہیں، ان ہر دو قسم کے حالات میں بہت فرق ہے۔ اس جگہ وسعت نسبت باطن اور دوام حضور و کثرت انوار وبرکات نصیب ہوتے ہیں اور توحید حالی بغیر وہم کے چھا جانے کے ظاہر ہوتی ہے اور اس جگہ محض حرارت وتپش قلبی ہے جو کہ بعض عوارض سے لاحق ہوگئی ہے۔ اگر حالت توحید ہے تو غلبہ واہمہ ومراقبہ توحید سے ہے، لیکن اگر یہ نسبت شریفہ فنا وبقا کو پہنچ جائے تو راہ خدا کے طالبان کے دلوں کو زندہ کرنے میں اکسیر اعظم ہے۔

ترجمہ: ''محبوب کس کو چاہتا ہے کہ اس کی چاہت محبت کس سے ہو جائے؟''

جان لیں کہ کثرت مراقبہ سے خطرات سے دل کی نگہبانی اور فیض الٰہی کا انتظار مقصود ہے کہ جس سے نسبت باطن میں گہرائی اور قوت پیدا ہوتی ہے اور کثرت ذکر تہلیل لسانی سے کہ جو اپنی ہستی اور جمیع موجودات کی ہستی کی نفی اور حق تعالٰی کی ہستی کے اثبات سے عبارت ہے۔ مقررہ شرطوں کی رعایت سے فنا ونیستی قوی ہو جاتی ہے اور کثرت تلاوت قرآن مجید

تضرع و نیاز و از کثرت درود منامات و اقعات عجیبہ ظاہر شود۔ و اگر بہ نسبت فنائیہ خود متوجہ شوی حالت دیگر۔ و اگر بہ نسبت بقائیہ خود توجہ نمائی ذوق دیگر روئے نماید۔ در وقت بسط حالت اگر چہ یک سرِ مو متغیر شود سکر پیش گیر داندک مدان و در وقت قبض بعد غسل بآب سرد و الا بآب گرم دوگانہ نماز و استغفار کنی۔ و اگر قبض نہ رود باز غسل یا وضو بر وضو و تضرع و التجا بایزد اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ نمائی تلاوت قرآن مجید بترتیل و تذکرِ موت و زیارۃِ گورستانِ کہنہ و حضور در مواقع خیر و صدقہ از احب مال و توجہ بمرشد دافع قبض است۔

از لقمہ حرام قبض و بے حلاوتی تا سہ روز و از لقمۂ شبہ تا تحلیل آن و از صغائر ذنوب تا وضو و ادائے نماز مے ماند و از تجلی ہو القابض رفع قبض بر ارادہ الٰہی است، کوشش مے کن و کشائش را چشم مے دار۔

عاشق کہ شد کہ یار بحالش نظر نہ کرد
اے خواجہ درد نیست و گرنہ طبیب ہست

## معمولات و نصائح ضروریہ

مے فرمایند ہر کرا ضبط اوقات بدوام ذکر و وظائف عبودیت و قناعت بہ لابد معاش نیست و از خدا سبحانہٗ غیر خدا مے خواہد۔ در راہِ خدا ناقص است و حضرت خواجہ بزرگ امام طریقہ خواجہ نقشبندؒ وظائف و اوراد طریقہ خود را بر آنچہ از احادیث صحیحہ ثابت شود، قصر فرمودہ اند۔ پس اہل این طریقہ را از کمال اتباع سنت ناگزیر است۔ وقت صبح بادعیہ ماثورہ بقدر میسور باید پرداخت۔ دہ بار درود شریف، دہ بار استغفار و دہ بار اعوذ باللّٰہ من الشیطٰن الرجیم وآیۃ الکرسی یک بار سورۃ اخلاص و معوذتین سہ سہ بار۔

سے نورانیت وصفا اور کثرت استغفار و نماز سے تضرع و نیاز اور کثرت درود سے منامات و واقعات عجیبہ ظاہر ہوتے ہیں۔ اور اگر تو اپنی نسبت فنائیہ کی طرف متوجہ ہو تو دوسری حالت اور اگر اپنی نسبت بقائیہ کی طرف توجہ کرے تو دوسرا ذوق رونما ہوتا ہے۔ حالت بسط کے وقت میں اگرچہ ایک بال کے سرے کے برابر متغیر ہو تو شکر ادا کر اور تھوڑا امت جان اور قبض کے وقت میں سرد پانی سے، اگر نہیں تو گرم پانی سے بعد غسل دوگانہ نماز ادا کر اور استغفار کر اور اگر قبض نہ جائے تو پھر غسل یا وضو پر وضو و تضرع و التجا اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ کی خدمت میں کر۔ تلاوت قرآن مجید ترتیل کے ساتھ اور موت کا تذکرہ اور پرانے قبرستان کی زیارت اور خیر کے مواقع پر حاضری اور سب سے پیارے مال سے صدقہ اور مرشد گرامی کی طرف توجہ قبض کو دفع کرنے والی ہے۔

لقمہ حرام سے قبض اور بے حلاوتی تین دن تک اور لقمہ شبہ سے اس لقمہ کے تحلیل تک اور صغیرہ گناہوں سے وضو اور ادائے نماز تک رہتی ہے اور تجلی ہو القابض سے قبض کا رفع ہونا ارادہ الٰہی پر موقوف ہے۔ کوشش کرتا رہ اور کشائش کی امید رکھ۔

ترجمہ: ''وہ کون عاشق ہے کہ جس کی حالت محبوب نہ جانے اور اس کی طرف نظر نہ کرے۔ حضرت! درد ہی نہیں ہے، طبیب تو موجود ہے۔''

## معمولات و نصائح ضروریہ

فرماتے ہیں کہ جس کسی کو ضبط اوقات دوام ذکر و وظائف اور میسر روزی پر قناعت نہیں ہے اور اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ سے غیر اللہ مانگتا ہے، وہ اللہ کے راستے میں ناقص ہے اور حضرت خواجہ بزرگ امام الطریقہ خواجہ محمد بہاء الدین نقشبندؒ نے اپنے طریقے کے وظائف و اوراد کو احادیث صحیحہ سے جو کچھ ثابت ہوا ہے، اسی پر مقرر فرمایا ہے۔ پس اس طریقہ کے اہل کو کمال اتباع سنت ناگزیر ہے۔ وقت صبح ماثورہ دعائیں بقدر توفیق پڑھنی چاہئیں۔ دس بار درود شریف، دس بار استغفار اور دس بار اعوذ باللّٰہ من الشیطٰن الرجیم اور آیۃ الکرسی ایک

Marfat.com

سبحان اللہ وبحمدہ صدبار بوقت شام وخفتن نیز بخواند۔ پس بعد فاتحہ ورجوع بارواح طیبہ حضرات مشائخ قدس اللہ اسرارہم بذکر ومراقبہ مشغول شود ودروقت اشراق دوگانہ نماز شکر نہار ودوگانہ استخارہ بااین نیت بگزارد، الٰہی ازعلم تو استخارہ می کنم کہ آں چہ ازمرادات روز وشب دربارہ من بہتر باشد، مراپیش آید وازسوئے قضا مرانگاہ دار ورضا بقضا کرامت فرما۔ بعدزان بدرس کتاب وامور ضروریہ پردازد ودروقت چاشت چہار رکعات کہ درحدیث صلوٰۃ الاوابین ہمین نماز ضحیٰ است۔ انہ کان للاوابین غفورا۔ پس اگر میسر شود قیلولہ نماید کہ موید قیام لیل است ووقت فئی زوال چہار رکعات بطول قنوت بخواند۔ بعد سنت مغرب شش رکعت کہ بصلوٰۃ الاوابین درمردم مشہور است۔ واولیٰ بست رکعت است۔ وشب راا گرمی تواند، تثلیث نماید۔ ثلث اول وآخر برائے ادائے حقوق مولا جل وعلا وثلث وسط بجہت استراحت نفس خود مقرر نماید۔ والاتربیع لیل از مہمات داند۔ دوپہر خواب کافی است نماز تہجد کہ آں بعد از خواب برخاستن است ومغلوب النوم راپیش ازخواب ہم جائز است وبے توفیق را وقت چاشت تدارک آن ضرورت است۔ دوازدہ رکعات یادہ رکعات یاہشت یاشش رکعات آن چہ تواند بخواند۔ ودرنوافل قرأت سورۃ یٰسین معمول است۔ والا سورۃ اخلاص بخواند۔ وقت سحر دعا واستغفار وذکر ومراقبہ نماید۔ اگراز شب ثلث بیدار شود، بعد فراغت ازاذکار اندکے بخواب رود کہ آں راخواب مشاہدہ گویند۔ نماز صبح در اول وقت کہ ستارگان درخشاں باشند بخواند۔ اورادے کہ دراحادیث ثابت شدہ وظیفہ باید نمود۔

وتلاوت قرآن مجید حافظ رادر تہجد بہتر است وغیر حافظ قرآن مجید بعد نماز اشراق یانماز ظہر بتلاوت بترتیل وتحسین صوت پردازد وبمقدار یک جزیا زیادہ مقرر

Marfat.com

بار، سورۃ اخلاص اور معوذتین سہ سہ بار۔ سبحان اللہ و بحمدہ صد بار وقت شام اور رات کو سوتے وقت بھی پڑھے۔ اس کے بعد ارواح طیبہ حضرات مشائخ قدس اللہ اسرارہم کے لیے فاتحہ پڑھ کر ذکر اور مراقبہ میں مشغول ہو جائے اور اشراق کے وقت میں دو رکعت دن کا شکرانہ اور دو رکعت استخارہ اس نیت کے ساتھ ادا کرے۔ یا اللہ! میں تیرے علم سے استخارہ کرتا ہوں کہ جو کچھ روز و شب میں میرے بارے میں بہتر مرادات ہوں میرے پیش آئیں اور سوئے قضا سے میری حفاظت فرما اور رضا کرامت فرما۔ بعد ازاں کتاب کے درس اور امور ضروریہ میں مشغول ہو۔ در وقت چاشت چہار رکعت کہ حدیث میں صلوٰۃ الاوابین یہی نماز ضحیٰ ہے۔ انہ کان للاوابین غفورا پڑھے۔ پس اگر میسر آئے تو قیلولہ کرے کہ رات کے قیام کی تائید کرنے والا ہے اور وقت زوال چار رکعت طول قنوت کے ساتھ پڑھے۔ بعد سنت مغرب چھ رکعت جو کہ لوگوں کے درمیان صلوٰۃ الاوابین کے نام سے مشہور ہے اور اولیٰ بیس رکعت ہے اور رات کو اگر کر سکے، تین حصے بنائے۔ ثلث اول و آخر اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کے حقوق کی ادائیگی کے لیے، درمیان ثلث وسط اپنے نفس کے آرام کے لیے مقرر کرے۔ وگرنہ رات کو چار حصوں میں تقسیم کرنا اہم جانے۔ دو پہر نیند کافی ہے۔ نماز تہجد جو کہ نیند سے بیدار ہونے کے بعد ہے اور نیند سے مغلوب آدمی کے لیے سونے سے پہلے بھی جائز ہے اور بے توفیق (جو رات کو بروقت تہجد نہ پڑھ سکے) کو چاشت کے وقت اس نماز تہجد کا تدارک ضروری ہے۔ بارہ رکعت یا دس رکعت یا آٹھ رکعت جتنا پڑھ سکتا ہو پڑھے۔ نوافل میں قرأت سورۃ یٰسین معمول ہے وگرنہ سورۃ اخلاص پڑھے۔ سحر کے وقت دعا و استغفار و ذکر و مراقبہ کرے۔ اگر ثلث شب سے بیدار ہو تو اذکار سے فراغت کے بعد تھوڑا سا سو جائے کہ اس کو خواب مشاہدہ کہتے ہیں۔ نماز صبح اول وقت میں کہ ستارے چمک دمک رہے ہوں پڑھے۔ وہ اوراد جو احادیث شریفہ سے ثابت شدہ ہوں وظیفہ کرنے چاہئیں۔

اور حافظ قرآن کو تلاوت قرآن مجید تہجد میں پڑھنا بہتر ہے اور غیر حافظ قرآن بعد نماز اشراق یا نماز ظہر تلاوت قرآن مجید ترتیل و تحسین آواز میں مشغول ہو اور ایک پارہ کی

Marfat.com

نماید واگر شوق وذوق مطلوب باشد، اندکی جہر متوسط نماید۔

کلمہ تمجید صد بار وکلمہ توحید صد بار ودرود صد بار از نماز خفتن والا ہر وقت کہ میسر شود معمول ہزار بار است۔ ہر قدر کہ تواند بخواند واستغفار رب اغفرلی وارحمنی و تب علی انک انت التواب الرحیم صد بار رب اغفر وارحم واھدنی السبیل الاقوم صد بار اللّٰھم اغفرلی وارحمنی ولوالدی ولمن توالد و للمؤمنین والمؤمنات بست وپنج بار بخواند۔

بدانکہ ایں نماز ھا وتلاوت و اوراد بے حضور قلبی صحیح نیست، لہٰذا فرمودہ اند سالک بعد ادائے نماز فرض وسنن موکدہ بجز ذکر ومراقبہ نہ پرداز وتا کہ حضور ملکہ گردد و بفناء نفس وتہذیب اخلاق مشرف شود۔ پس ہر وردے از اوراد وامرے از امور معاش و درس وتدریس کہ پیش گیرد۔ بہ پرداخت وقوف قلبی ویادداشت لازم شناسد۔ اما در علوم دقیقہ توغل مضر است۔ وشغل علم دینی مد نسبت باطن فرمودہ اند خصوصاً علم حدیث کہ جامع است تفسیر وفقہ وعلوم تصوف را بالشرط توجہ بہ روحانیت مقدس ومطہر آنحضرت ﷺ و حفظ ادب کلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وبارک وسلم۔

## نصائح حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانیؒ

ایں چندہ فقرہ جامعہ برسم تبرک از کلام مبارک حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانیؒ کہ ناگزیر ہمہ سالکاں است، نوشتہ می شود۔ اللہ تعالیٰ کاتب را نیز توفیق عمل برآں کرامت فرماید۔ آمین۔

می فرمایند وصیت می کنم ترا اے پسرک! من بعلم وادب وتقویٰ در جمیع احوال بر تو باد کہ تتبع آثار سلف کنی وملازم سنت وجماعت باشی وحدیث وفقہ آموزی واز صوفیاں

مقدار یا زیادہ مقرر کرے اور اگر شوق و ذوق مطلوب ہو تھوڑا سا بلند آواز متوسط درجہ سے تلاوت کرے۔

کلمہ تمجید سو بار اور درود سو بار عشاء کی نماز کے بعد وگرنہ ہر وقت کہ جب میسر آئے۔ معمول ہزار بار ہے جس قدر کہ ہو سکے پڑھے۔ استغفار رب اغفرلی وارحمنی و تب علی انک انت التواب الرحیم سو بار۔ رب اغفر وارحم واھدنی السبیل الاقوم سو بار اللّٰھم اغفرلی وارحمنی ولوالدی ولمن توالد و للمؤمنین والمؤمنات ۲۵ بار پڑھے۔

جان لو یہ نمازیں تلاوت و اوراد بے حضوری قلب صحیح نہیں ہیں، لہٰذا فرمایا ہے کہ سالک بعد ادائے نماز فرض وسنن وقضا سوائے ذکر و مراقبہ اور کسی چیز میں مشغول نہ ہوتا کہ حضور پختہ ہو جائے اور فنائے نفس وتہذیب اخلاق سے مشرف ہو جائے۔ اوراد میں سے ہر ورد اور امور میں سے ہر امر، امور معاش، درس وتدریس جو کہ اس کے سامنے آئے اس میں مشغول ہو۔ پرداخت وقوف قلبی و یادداشت کو لازم جانے مگر علوم دقیقہ میں مشغولی مضر ہے اور علم دین کا شغل نسبت باطن کا ممد فرماتے ہیں۔ خصوصاً علم حدیث کہ جامع تفسیر وفقہ وعلوم تصوف کا بشرط توجہ بہ روحانیت مقدس ومطہر آنحضرت ﷺ اور حفظ ادب کلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وبارک وسلم۔

## نصائح حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانیؒ

حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانیؒ فرماتے ہیں کہ اے بیٹا! میں تجھے وصیت کرتا ہوں کہ علم، ادب، تقویٰ اور جمیع احوال جو تجھے درپیش ہوں، ان سب میں بزرگان سلف کا اتباع کر اور اہل سنت والجماعت کے حلقہ میں شامل رہ۔ فقہ وحدیث کا علم حاصل کر۔ جاہل صوفیوں سے پرہیز کر۔ امام اور موذن نہ بن، بلکہ نماز باجماعت کا پابند رہ۔ شہرت ایک آفت اور دین و دنیا اور آخرت میں مصیبت ہے، اس کا طالب نہ بن، اس سے بچ۔ کسی منصب میں مقید نہ

جاہل بہ پرہیزی۔ نماز باجماعت بگزاری، بشرطیکہ امام وموذن نباشی۔ ہرگز طلب شہرت مکن کہ شہرت آفت است، بہ منصبے مقید مشو۔ دائم گمنام باش۔ در قبالہ ھانام خود منویس۔ بمحکمہ قضا حاضر مشو۔ ضمان کسے مباش۔ بوصایائے مردم درمیا وباملوک و ابنائے ایشان صحبت مدار۔ خانقاہ بنامکن و درخانقاہ منشین۔ وسماع بسیار مکن کہ سماع بسیار دل رابمیر اند۔ نفاق پدید آردو۔ نیز برسماع انکار مکن کہ سماع رااصحاب بسیار اند۔ کم گوکم خور کم خسپ۔ از خلق بگریز چنانچہ از شیر بگریزند و ملازم خلوت خود باش۔ بہ امردان وزنان ومبتدعاں وتوانگران وعامیان صحبت مدار۔ حلال بخور، از شبہ بہ پرہیز، تاتوانی زن مخواہ کہ طالب دنیا شوی و در طلب دنیا دین باددہی۔ بسیار مخند واز خندہ قہقہہ اجتناب کن کہ خندہ بسیار دل رابمیر اند۔ باید کہ ہمہ کس رابچشم شفقت نگری و ہیچ فردے راحقیر نہ شمری۔ ظاہر خود رامیارا کہ آرائش ظاہر از خرابی باطن است۔ باخلق مجادلہ مکن۔ از کسے چیز مخواہ و کسے راخدمت مفرما۔ ومشائخ رابمال وتن وجان خدمت کن۔ برافعال ایشاں انکار منما کہ منکراں ایشاں ہرگز رستگاری نہ یابد۔ بہ دنیا واہل دنیا مغرور مشو۔ باید کہ دل تو ہمیشہ اندوہگیں بود و بدن تو بیمار وچشم تو گریاں، عمل تو خالص، دعائے تو بتضرع، جامہ تو کہنہ، رفیق تو درویش، مایہ تو فقر، خانہ تو مسجد، مونس تو حق سبحانہٗ وتعالیٰ باشد۔

## احوال حضرت امام ربانی مجدد الف ثانیؒ

احوال حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی صاحب الطریقہ حضرت شیخ احمد فاروقیؒ طریقہ چشتیہ از پدر بزرگوار خود گرفتہ اندواز ارواح طیبہ این سلسلہ علیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم فیضہا واجازت وخلافت یافتہ ودر خوردی باز منظور نظر عنایت حضرت شاہ کمال قادری قدس سرہ بودند وخرقہ تبرک حضرت شاہ کمال از دست شاہ سکندر رحمۃ اللہ علیہما کہ در واقعہ حضرت شاہ کمال بالباس آن ایشاں را تاکیدات فرمودہ پوشیدند واز ارواح

Marfat.com

ہو۔ دائمی گمنامی اختیار کر۔ قبالہ ہا (قبالوں) میں اپنا نام نہ لکھ۔ عدالتوں میں نہ جا۔ کسی کا ضامن نہ بن۔ لوگوں کے وصایا میں نہ آ۔ بادشاہوں اوران کے فرزندوں سے صحبت نہ رکھ۔ خانقاہ نہ بنا اور نہ ہی خانقاہ نشین بن۔ سماع میں مشغول نہ ہو۔ سماع دل کو مردہ کر دیتا ہے اور نفاق پیدا کرتا ہے، لیکن سماع کا انکار بھی نہ کر کہ اہل سماع سے بہت بزرگ اصحاب ہیں۔ کم بول، کم کھا، کم سو اور خلق سے ایسا گریزپا ہو جیسے لوگ شیر سے بھاگتے ہیں۔ اپنی خلوت کو لازم پکڑ۔ لڑکوں، عورتوں، بدعتیوں، امیروں اور عامیوں سے میل جول نہ رکھ۔ حلال رزق کھا اور مشتبہ چیزوں سے پرہیز لازم کر۔ جہاں تک ہو سکے عورت نہ کر کہ دنیا کا طالب ہو جائے گا۔ زیادہ نہ ہنس اور ہنسی میں قہقہہ سے پرہیز کر کہ زیادہ ہنسی دل کو مردہ کر دیتی ہے۔ چاہیے کہ ہر ایک کو شفقت کی آنکھ سے دیکھے اور کسی فرد بشر کو حقیر نہ جان۔ اپنے ظاہر کو آراستہ نہ کر کہ ظاہر کی آرائش باطن کی خرابی ہے۔ لوگوں کے ساتھ مت جھگڑا اور کسی سے کوئی چیز مت مانگ اور کسی کو اپنی خدمت کا حکم مت دے۔ مشائخ کی مال اور جسم وجان سے خدمت کر۔ ان کے افعال پر انکار مت کر کہ ان کے نہ ماننے والے کبھی نجات نہیں پاتے۔ دنیا اور اہلِ دنیا پر مغرور نہ بن۔ چاہیے کہ تیرا دل غمزدہ رہے۔ تیرا بدن بیمار۔ تیری آنکھ رونے والی۔ تیرا عمل خالص۔ تیری دعا تضرع اور زاری کے ساتھ ہو۔ تیرا لباس پرانا۔ تیرے ساتھی درویش۔ تیرا سرمایہ فقر۔ تیرا گھر مسجد اور تیرا مونس وغمخوار اللہ ہے جو پاک ذات ہے۔

## احوال حضرت امام ربانی مجدد الف ثانیؒ

امام ربانی مجدد الف ثانی صاحب الطریقہ حضرت شیخ احمد فاروقی سرہندیؒ نے طریقہ چشتیہ والد بزرگوار سے حاصل کیا اور اس سلسلہ عالیہ کے ارواح طیبہ قدس اللہ اسرارہم سے فیوض واجازت وخلافت پائی اور بچپن میں ہی حضرت شاہ کمال قادری کیتھلی قدس سرہ کے منظورِ نظر تھے اور خرقہ تبرک حضرت شاہ کمالؒ حضرت شاہ سکندرؒ کے ہاتھ سے زیب تن فرمایا۔ جس کی حضرت شاہ کمالؒ نے واقعہ میں حضرت شاہ سکندرؒ کو حضرت مجددؒ کو

مقدسہ اکابر خاندان قادریہ وروح پرفتوح حضرت غوث الثقلینؒ بہ فیوض و برکات و اجازت وخلافت فائض شدہ اند واجازت طریقہ کبرویہ از مولانا یعقوب صرفیؒ کہ در خطہ کشمیر کمالات ایشاں مشہور است، دارند۔ اما نسبت حضرات خواجگان نقشبندی قدس اللہ اسرارہم کہ از خواجہ آفاق حضرت خواجہ باقی باللہؒ یافتہ اند بر حضرت ایشان غالب است وذکر وشغل ووضع وآداب ہمیں طریقہ معمول دارند۔ پس تحریر ہر چار شجرہ ضرور است، برائے تبرک وتیمن تا موجب برکت متوسلان این سلسلہ علیہ باشد۔

وباوجود اخذ وکسب فیوض ہر چار خاندان عالیشان از جناب الٰہی بمواہب جلیلہ و عطایائے نبیلہ سرفراز شدہ اند کہ عقل ورادراک آن کمالات وحالات حیران است۔ حضرت خواجہؒ درباره حضرت ایشان فرموده اند کہ ہمچو ایشاں زیر فلک نیست ودریں امت مثل ایشاں چند کس معلوم میشود ومعلومات ومکشوفات ایشان ہمہ صحیح وقابل آن است کہ بنظر انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات درآید واز مکاتیب شریفہ حضرت خواجہ قدس اللہ سرہ العزیز کمال حضرت ایشان معلوم میشود۔

ملا بدرالدین در حضرات القدس ومحمد ہاشم کشمی در برکات احمدیہ ومحمد احسان در روضۃ القیومیہ ودیگر عزیزان مقامات وطاعت وعبادات حضرت ایشان مفصل تحریر نموده اند وحضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ بعد تحریر مناقبات حضرت ایشان نوشتہ اند لا یحبہ الا مومن تقی ولا یبغضہ الا منفافق شقی۔ محمد ہاشم کشمی در برکات احمدیہ نوشتہ وقتیکہ حضرت خواجہؒ اصحاب خود را بجہت استفاده از حضرت ایشان ترغیب نموده بسر ہند فرستاده اند، یکے از امتثال امر شریف ابا نموده۔ پس در خواب می بیند کہ آن حضرت ﷺ خطبہ در مدح ایشان میخوانند، میفر مایند کہ مقبول میاں احمد مقبول ما است ومردود میاں احمد مردود ما است۔

Marfat.com

پہنانے کی تاکیدات فرمائی تھیں۔ اور ارواح مقدسہ اکابر خاندان قادریہ روح پر فتوح حضرت غوث الثقلینؒ سے فیوض و برکات و اجازت و خلافت سے فائز ہوئے ہیں اور اجازت طریقہ کبرویہ مولانا یعقوب صرفیؒ سے کہ جن کے کمالات خطہ کشمیر میں مشہور ہیں، رکھتے ہیں۔ مگر نسبت خاص خاندان نقشبندیہ قدس اللہ اسرارہم جو کہ انہوں نے خواجہ آفاق حضرت باقی باللہؒ سے پائی ہے، حضرت ایشانؒ پر غالب ہے۔ ذکر و شغل و وضع و آداب اسی طرح معمول رکھتے ہیں۔ پس تبرک و تیمن کے لیے چاروں سلسلوں کے شجروں کا ذکر ضروری ہے تاکہ اس سلسلہ عالیہ کے متوسلان کے لیے موجب برکت ہو۔

اور باوجود اخذ و کسب فیوض جناب الٰہی سے ہر چار خاندان سے متعلق مواہب جلیلہ و عطاہائے نبیلہ سے سرفراز ہوئے ہیں کہ عقل ان کمالات و حالات کے ادراک میں حیران ہے۔ حضرت خواجہؒ نے حضرت ایشانؒ کے بارے میں فرمایا ہے کہ اس وقت ان جیسا آسمان کے نیچے کوئی نہیں اور اس امت میں ان جیسے چند حضرات معلوم ہوئے ہیں اور ان کے معلومات و مکشوفات سب صحیح اور اس قابل ہیں کہ انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کی نظر میں آئیں اور مکاتیب شریفہ حضرت خواجہ قدس سرہ العزیز سے کمال حضرت ایشانؒ معلوم ہوتا ہے۔

ملا بدرالدینؒ نے حضرات القدس میں، محمد ہاشم کشمیؒ نے برکات احمدیہ میں اور محمد احسانؒ نے روضۃ القیومیہ اور دوسرے عزیزوں نے مقامات و طاعات و عبادات حضرت ایشانؒ کے مناقبات کے تحریر کرنے کے بعد لکھا ہے: **لا یحبہ الا مؤمن تقی و لا یبغضہ الا منافق** ۔ترجمہ: ’’ان سے صرف مومن متقی محبت کرتا ہے اور صرف منافق ان سے بغض رکھتا ہے۔‘‘ محمد ہاشم کشمیؒ نے برکات احمدیہ میں لکھا ہے کہ جس وقت حضرت خواجہؒ نے اپنے اصحاب کو حضرت ایشانؒ کی طرف استفادہ کے لیے ترغیب دے کر سرہند بھیجا، ایک شخص نے حضرت خواجہؒ کے امر شریف کا انکار کیا۔ وہ شخص خواب میں دیکھتا ہے کہ آنحضرت ﷺ حضرت ایشانؒ کی تعریف میں خطبہ پڑھتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ مقبول میاں احمد ہمارا مقبول ہے اور مردود میاں احمد ہمارا مردود ہے۔

Marfat.com

حضرت شیخ عبدالحق رحمتہ اللہ علیہ در خاتمہ رسالہ کہ از سوالات برکلام شریف حضرت ایشان نمودہ می نویسد کہ مرادر بارہ شما این آیۃ شریفہ: وان یک کاذباً فعلیہ کذبہ وان یک صادقاً یصبکم بعض الذی یعدکم القاگردیدہ۔ مخفی نیست کہ این آیۃ کریمہ در رفع اشتباہ حقیت حضرت موسیٰ علیہ السلام است مرفرعون و فرعونیاں را۔ سبحان اللہ! حضرت ایشان موسوی المشرب بودند۔ اگرچہ حضرت شیخ را از فرط غضب رفع شبہات از این کریمہ شدہ، اما بعد چندے بحقیت کمالات حضرت ایشان اقرار نمودہ اند، چنانچہ در مکتوب مرسل حضرت شیخ عبدالحق بخدمت حضرت مرزا حسام الدین احمد کہ از اجلہ خلفائے حضرت خواجہ باقی باللہ اند رحمتہ اللہ علیہما مذکور است کہ حضرت شیخ از انکار خود باز آمدہ ومیفر ماید کہ چنیں عزیزان را بدنباید پنداشت وانکارو اقرار کسے کہ بترجمہ لفظ عربی واماندہ سخن از تعصب گوید و با معارف دقیقہ مساسے ندارد۔ اعتبار نیست کسے کہ دیدہ بصیرت او بینا ونظر کشفی او در تدقیق حقائق رسا باشد، اگر در سخن الوالابصار خوض کند جادارد۔

و بااین ہمہ مولانا محمد بیگ بدخشیؒ در رفع اعتراضات کہ برکلام حضرت ایشان متعسفان می نمایند در مکہ شریفہ رسالہ ترتیب دادہ بمہر مفتیان چار مذہب رسانیدہ و بالفعل در ینجا موجود است و دیگر مخلصان حضرت ایشان نیز برچیدن این اذیٰ از سلوک راہ خدا سعادت یافتہ وحضرت ایشان خود نیز دفع اعتراض فرمودہ اند۔ پیش اہل انصاف و دراز حسد واعتساف اجوبہ حضرت ایشان کافی وشافی است۔ میفر مایند کلام ما خالی از سکر نیست۔ صحو خالص نصیب عوام است۔ میفر مایند دراین رہ اشتباہ بسیار است از اشتباہ ظل باصل وعروج نزول الامن عصمہ اللہ تعالیٰ۔ میفر مایند کشوف ومعارف خلاف کتاب وسنت مقبول نیست۔ نزد خرد دقیقہ یاب ازین سہ جملہ کلام شریف

Marfat.com

حضرت شیخ عبدالحقؒ اس رسالے کے خاتمے پر، جس میں انہوں نے حضرت ایشانؒ کے کلام شریف میں سوالات کیے ہیں، لکھتے ہیں کہ مجھے آپ کے بارے میں یہ آیت شریفہ:
وان یک کاذباً فعلیہ کذبہٗ وان یک صادقاً یصبکم بعض الذی یعدکم
القاء فرمائی گئی ہے۔ مخفی نہیں ہے کہ یہ آیت کریمہ فرعون اور فرعونیوں کے حضرت موسیٰ کے حق میں اشتباہ کو رفع کرنے کے لیے ہے۔ سبحان اللہ! حضرت ایشانؒ موسوی المشرب تھے۔ اگرچہ حضرت شیخ کے فرط غضب کی وجہ سے اس آیت کریمہ سے شبہات رفع نہ ہوئے، لیکن کچھ عرصہ بعد حضرت ایشانؒ کے کمالات کا اقرار کیا۔ چنانچہ اس مکتوب میں جو شیخ عبدالحقؒ نے حضرت مرزا حسام الدین احمدؒ کی خدمت میں ارسال کیا تھا، جبکہ مرزا حسام الدین احمدؒ حضرت خواجہ باقی باللہؒ کے اجلہ خلفاء میں سے تھے، اس مکتوب میں مذکور ہے کہ حضرت شیخ عبدالحقؒ اپنے انکار سے باز آ گئے تھے اور فرمایا ہے کہ ایسے عزیز ان کو برا نہیں سمجھنا چاہیے۔ کسی کا انکار و اقرار جو کہ عربی لفظ کے ترجمہ سے بیہودہ سخن اور بیہودہ تعصب سے کہتا ہے اور معارف دقیقہ سے کوئی مساس نہیں رکھتا، قابل اعتبار نہیں ہے۔ جس شخص کی دیدہ بصیرت بینا اور اس کی نظر کشفی تدقیق حقائق میں رسا ہو، اگر اولوالابصار کے سخن میں دخل دے تو کوئی موقعہ محل بنتا ہے۔

اور اس سب کے باوجود مولانا محمد بیگ بدخشیؒ نے حضرت ایشانؒ کے کلام پر اعتراض رفع کرنے کے لیے مکہ شریف میں رسالہ ترتیب دے کر مفتیوں کی مہر سے چار مذہب کے مفتیوں تک پہنچایا اور بالفعل اس جگہ موجود ہے اور حضرت ایشانؒ کے دوسرے مخلصان نے بھی اس ایذا رسانی پر نکتہ چینی کر کے سلوک راہ خدا میں سعادت پائی اور حضرت ایشانؒ نے خود بھی اعتراض دفع فرمایا۔ اہل انصاف جو حسد اور کینہ سے دور ہیں، کے لیے حضرت ایشانؒ کے جواب کافی و شافی ہیں۔ فرماتے ہیں کہ میرا کلام سکر سے خالی نہیں۔ صحو خالص عوام کو نصیب ہے۔ فرماتے ہیں کہ اس راہ میں شبہ بہت ہیں اور ظل کے شبہ سے اصل کے ساتھ اور عروج سے نزول میں، مگر جس کو اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے۔ فرماتے ہیں کشوف و

Marfat.com

حضرت ایشان جواب ہر اعتراض می تواند شد و تفصیل ہر جواب در مکتوبات شریفہ حضرت ایشان مسطور است، فارجع الیہا۔

اما از تحریر معارف غریبہ و مقامات جدیدہ و بعد تقریر و تثبیت معارف متقدمین نقصانے بجناب آن اکابر عائد نیست، چنانچہ از ظہور ملت محمدیہ علیٰ صاحبہا افضل الصلوات والتسلیمات ۔ بملل سابقہ منقصتے لاحق نہ شدہ از مذہب جدید شافعی کہ تلمیذ حضرت امام مالک است۔ بمذہب امام مالک قصورے راہ نیافتہ۔ میفر مایند کہ معرفت خدا بران کس حرام است کہ خودرا از کافر فرنگ بہتر داند۔ فکیف از اکابر دین میفر مایند کہ من کمینہ خوشہ چین خرمنہائے ودل ایشانم در ذیل ذلہ بردار خوانہائے نعم اینہا ایشانند کہ بانواع تربیت مربی ساختہ اند وباصناف کرم واحسان مرا متفع گردانیدہ حقوق این اکابر قدس اللہ اسرارہم برخود لازم دارم۔ میفر مایند کہ ایں علوم ومعارف از وحدت وجود واحاطہ وسریان ذاتی وغیر ذلک این اکابر را در وسط راہ پیش آمدہ باشد وازان مقام ترقی فرمودہ باشند۔

اگر تتبع کلامِ اولیاء کرام رحمۃ اللہ علیہم نمائی، بہ بینی کہ چہ سخن ہائے بلند ازین اعزہ برزبان آمدہ است۔ بزرگے میفر مایند: سبحانی ما اعظم شانی، لوائی ارفع من لواء محمد (صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم). دیگر میگوید: قدمی علیٰ رقبۃ کل ولی اللّٰہ. دیگر گفتہ: قدمی علیٰ جبھۃ کل ولی اللّٰہ. ودرایں کل اصحاب عظام وحضرت امام مہدی رضی اللہ عنہم کہ بالاتفاق افضل اولیاء کرام اند، داخل اند ودیگری گفتہ کہ قدمے در مقامات قرب از خود بیشتر دیدم، غیرتم آمد کہ ہیچکس برمن سابق نیست، گفتند: قدم مبارک آنحضرت است ﷺ خاطرِ من تسکین یافت۔ دیگرے

Marfat.com

معارف خلاف کتاب وسنت مقبول نہیں ہیں۔ان تین جملوں سے عقل دقیقہ یاب حضرت ایشانؒ کے کلام شریف پر اعتراض کا جواب ہوسکتا ہے اور ہر جواب کی تفصیل حضرت ایشانؒ کے مکتوبات شریفہ میں درج ہے،اس کی طرف رجوع کریں۔

مگر معارف غریبہ و مقامات جدیدہ کی تحریر سے اور بعد تقریر و تثبیت معارف متقدمین کوئی نقصان ان اکابر کی جناب میں عائد نہیں ہے۔چنانچہ ملت محمدیہ علٰی صاحبہا افضل الصلوات والتسلیمات کے ظہور سے سابقہ ملتوں کو کوئی نقصان لاحق نہیں ہوا۔حضرت امام شافعیؒ کے جدید مذہب سے جو کہ حضرت امام مالکؒ کے شاگرد ہیں،امام مالکؒ کا مذہب قصور وار نہیں ہوا۔فرماتے ہیں،اللہ تعالیٰ کی معرفت اس شخص پر حرام ہے جو اپنے آپ کو کافر فرنگ سے بہتر جانے۔پھر اس شخص کی حالت کیا ہوگی جو اپنے کو اکابرِ دین سے اچھا خیال کرے۔آپ فرماتے ہیں کہ میں اکابرِ دین کی دولت کے ڈھیروں کا ادنیٰ خوشہ چین ہوں اور ان کی نعمتوں کے خوانچوں سے دامن کو بھرنے والا ہوں، کیونکہ مختلف انواع سے میری تربیت کی ہے اور کرم اور احسان کی اصناف سے مجھے نفع پہنچا ہے۔ان اکابر قدس اللہ اسرارہم کے حقوق اپنے اوپر لازم رکھتا ہوں۔فرماتے ہیں یہ علوم و معارف وحدت وجود احاطہ سریان ذاتی وغیرہ سے ان اکابر کو وسط راہ میں پیش آیا ہوگا اور اس مقام سے ترقی فرمائی ہوگی۔

اگر تو تتبع کلام اولیاء اللہ رحمتہ اللہ علیہم کرے تو دیکھے گا کہ کتنے سخن ہائے بلند ان عزیزوں کی زبان سے نکلے ہیں۔ایک بزرگ فرماتے ہیں:سبحانی مااعظم شانی، لوائی ارفع من لواء محمد (صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم)۔دوسرے کہتے ہیں: قدمی علٰی رقبۃ کل ولی اللہ ۔تیسرے فرماتے ہیں:قدمی علٰی جبھۃ کل ولی اللّٰہ ۔ اور اس میں کل اصحاب عظام اور حضرت امام مہدی رضی اللہ تعالیٰ عنہم کہ بالاتفاق اولیاء کرام سے افضل ہیں، داخل ہیں۔نیز ایک اور کہتے ہیں کہ مقامات قرب میں ایک قدم اپنے سے بہتر دیکھا۔مجھے غیرت آئی کہ کوئی صاحب مجھ سے سابق ہیں۔کہا

فرمودہ کہ درمقاماتِ قرب از دریائے گزشتہ ام کہ انبیاء علیہم السلام این طرف آن دریا ماندہ اند وحضرت شیخ محی الدین رحمتہ اللہ علیہ خود را ختم ولایت نوشتہ اند فرمودہ اند کہ ختم رسالت از ختم ولایت استفادہ می نماید۔

پس ہر توجہے کہ تابعان این اکابر در چنین کلمات افادہ میفر مایند از غلبہ حال یا مامور بودن باظہار آن مقدمات یا تحدیثِ نعمتِ الٰہی یا ترغیبِ طالبانِ راہ یا صرف عبارات از ظاہر کہ گاہے الفاظ این بزرگان بمعانی مقصود مساعدت نمی نماید پیشِ انصاف ہمان توجیہ جوابِ اعتراض است کہ اہلِ ظاہر را بر کلام حضرت ایشان مظنون می شود فلا تکن من الممترین علوم ومعارف ہر کہ موافق کتاب وسنت بیشتر است در بعضے غیر معقول خود تاویل یا تفویض باید نمود وزبان اعتراض نباید کشود منکر این طایفہ علیہ قدس اللہ اسرارہم در محل خطر است حضرت عبداللہ انصاری رحمتہ اللہ علیہ فرمودہ اند انکار مکن کہ انکار شوم است انکار آن کند کہ ازین کار محروم است اللہ تعالیٰ ما وشمارا محبت خود ومحبت دوستان خود عطا فرماید۔ آمین المرء مع من احب۔

گیا کہ یہ قدمِ مبارک آنحضرت ﷺ کا ہے۔ میرے دل نے تسکین پائی۔ دوسرے نے فرمایا کہ مقاماتِ قرب میں ایک دریا سے گزرا ہوں کہ انبیاء علیہم السلام دریا کے اس طرف رہ گئے ہیں اور شیخ محی الدینؒ اپنے آپ کو ختم ولایت لکھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ختمِ رسالت ختم ولایت سے استفادہ کرتا ہے۔

پس ہر توجیہ جو اِن اکابر کے تابعین اسی جیسے کلمات میں افادہ فرماتے ہیں، یا تو غلبہ حال سے یا ان مقامات کے اظہار پر مامور ہونے سے، یا اللہ تعالیٰ کی نعمت کے شکرانے کے طور پر، یا طالبانِ راہ کی ترغیب کے لیے، یا صرف ظاہری عبارات کے لیے کہ کبھی ان بزرگان کے الفاظ معانی مقصود سے مساعدت نہیں کرتے۔ انصاف کے پیش نظر وہی توجیہ ان اعتراضات کا جواب ہے، جو ظاہر بین لوگوں کو حضرت ایشانؒ کے کلام پر سوئے ظن سے کرتے ہیں۔ فلا تکن من الممترین۔ ترجمہ: ''تو شک کرنے والوں میں نہ ہو۔'' علوم و معارف جو کہ موافق کتاب وسنت ہیں، بعض غیر منقول الفاظ کی خود تاویل تفویض کرنی چاہیے اور زبان اعتراض نہیں کھولنی چاہیے۔ اس طائفہ عالیہ قدس اللہ اسرارہم کا منکر محلِ خطر میں ہے۔ حضرت عبداللہ انصاریؒ نے فرمایا ہے: انکار مت کر کہ انکار شوم ہے، انکار وہ کرتا ہے، جو اس کام سے محروم ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اور تمہیں اپنی محبت اور اپنے دوستوں کی محبت عطا فرمائے۔ آمین۔ المرء مع من احب۔ ترجمہ: ''انسان اس کے ساتھ ہوگا جس سے وہ محبت کرتا ہے۔''

# تمت بالخیر

الحمدللہ رب العلمین۔ الحمدللہ رب العلمین۔ الحمدللہ رب العلمین۔ الحمدللہ، حمداً کثیراً طیباً مبارکاً فیہ کما یحب ربنا ویرضی، الحمدللہ الذی بنعمتہ تتم الصالحات، اللّٰھم لک الثناء والحمد والکبریاء، کما انت اھلہ، فصل وسلّم وبارک علی سیّدنا ومولانا محمد وعلی اٰل سیّدنا ومولانا محمد، کما انت اھلہ وافعل بنا ما انت اھلہ، فانک انت اھل التقوی واھل المغفرۃ وصلی اللہ تعالٰی علٰی خیر خلقہ سیّدنا ومولانا محمد وعلٰی اٰلہ واصحابہ اجمعین، برحمتک یاارحم الراحمین۔ آمین۔ آمین۔ آمین

Marfat.com

# یادداشت

Marfat.com

خانقاہ سراجیہ نقشبندیہ مجدّدیہ

کندیاں، ضلع میانوالی

vprint.vp@gmail.com
051-5814796